
Pakistan Aur Khaksar

By Master Allah Ditta Janbaz





Digital File Compiled By

Nasim Yousaf

Copyright

Allama Inayatullah Khan Al-Mashriqi (Allama Mashriqi)

By Nasim Yousaf

Allama Inayatullah Khan Al-Mashriqi was born on August 25, 1888 and died on August 27, 1963. Mashriqi obtained his initial education at home and then attended school in Amritsar, prior to joining Foreman Christian College (F.C. College) in Lahore. He obtained his Masters degree in Mathematics from the University of Punjab and later went on to study at the University of Cambridge. Throughout his academic life, Mashriqi made history; it is believed that his academic records at the University of Cambridge - where he completed four Triposes within five years with distinction - are yet to be broken.

Upon completion of his studies, Mashriqi joined Islamia College (Peshawar) as Vice Principal prior to the launch of the College. As one of the College's founding fathers, Mashriqi worked hard to build it up; his efforts were well recognized by the community and he was promoted to Principal. Based on his success as an educationist, Mashriqi was appointed as Under Secretary at the Education Department of the Government of British India. Here, despite Mashriqi's stellar performance, policy differences with the British emerged and Mashriqi was subsequently demoted to Headmaster of Government High School in Peshawar. However, it wouldn't be long before the British would need Mashriqi again. When the Khilafat Movement began and Muslims began to migrate to Afghanistan, the British looked to Mashriqi to help stop the migration. In an attempt to regain his goodwill, they offered him Knighthood and the Ambassadorship to Afghanistan. Mashriqi declined both offers, as he considered them a means for the British authorities to use him for their own political purposes.

In addition to his work in Government, Mashriqi also gained recognition in scholarly and academic circles. Mashriqi's book *Tazkirah*, a scientific commentary on the Holy Koran, was nominated for the Nobel Prize in Literature. When the Nobel Prize Committee asked him to translate the book into any major European language as a prerequisite for consideration, he declined to do so; he considered this to be an insult to the millions of people who spoke the Urdu language. In May of 1926, Mashriqi attended the International Caliphate Conference in Cairo and delivered a historic speech entitled *Khitab-e-Misr*. The speech was published as a book by an Egyptian publisher and distributed in large numbers. Mashriqi remained in Egypt for a few months to deliver lectures. His book *Tazkirah* was heavily discussed and scholars of Al-Azhar University bestowed upon him the title of "Allama Mashriqi" (Sage of the East). The former Pakistani Ambassador to Egypt, Ahmad Saeed Kirmani stated (in a phone conversation with the author of this book, Mr. Nasim Yousaf): "…He was a man of very high stature. When I was Ambassador in Cairo, Mashriqi was still remembered in certain circles…" From Egypt, Mashriqi traveled to Europe and held meetings with scientists and scholars, including Albert Einstein. Mashriqi's work as a scholar and academic was recognized when he was inducted into several highly prestigious societies of Europe, including as Fellow of the Geographical Society (Paris), Fellow of the Asiatic Society, Fellow of the Royal Society of Arts (London), and Member of the International Congress of Orientalists (Leiden).

In 1930, Mashriqi founded the Khaksar Tehrik (Khaksar Movement) to revive the glory of the Indian nation. The Movement emphasized discipline, public service, and equality for all among its core tenets. Its message resonated with the masses and the Tehrik grew quickly within British India and opened branches in various countries. In 1934, Mashriqi launched *Al-Islah*, the official newspaper of the Khaksar Tehrik. *Al-Islah* gained a large following in many countries (including Afghanistan, Iraq and Iran, Bahrain, Burma, Ceylon, Egypt, Nigeria, Saudi Arabia, South Africa, Yemen, and some countries of Europe) and played a key role in spreading the message of the Movement. Within a few short years, the Khaksar Tehrik had emerged as the most well-disciplined private army (as it was referred to by one of the Viceroys of British India) in British India, with over 5 million members. Perhaps even more impressive was the fact that all members of the Khaksar Tehrik were volunteers who bore their own expenses. As a result of

the massive success of the Khaksar Tehrik, other Muslim and non-Muslim organizations attempted to form similar organizations.

By the end of 1939, Mashriqi already had plans in place to end British rule and was moving forward vigorously to this end. The Tehrik was thus banned in Punjab in early 1940 and Mashriqi was imprisoned. In 1941, the ban on the Movement was expanded throughout the entire India. The Government of British India demanded that Mashriqi disband his movement, or continue to remain behind bars. However, Mashriqi refused to succumb to their threats and replied that the Khaksar Movement was not his personal property that he could dispose of.

The British, therefore, continued to imprison him; he faced all atrocities with extraordinary courage and remained steadfast. In fact, Mashriqi fasted for 80 days in Vellore Central Jail to protest his and the Khaksars' unjust imprisonment and to push the freedom movement forward; he was ultimately released, but his movements remained restricted.

Following Mashriqi's release from prison, he continued working vigorously to bring an end to British rule. He was warned many times by the British authorities to halt his activities, but he did not waver in his resolve. In 1945, he presented *The Constitution of Free India, 1946, A.C.*, which provided protection for the rights of both Muslims and non-Muslims, and could serve as a precursor to jointly seeking independence. Unfortunately, the document was not adopted for political reasons.

In 1947, Mashriqi planned a coup of the Government and asked 300,000 Khaksars to assemble in Delhi on June 30, 1947 for this purpose. This coup was subverted by the partition plan, which was announced on June 3 and accepted by the All-India Muslim League and Indian National Congress (including Mahatma Gandhi) before the Khaksars could fully assemble in Delhi.

Despite achieving independence, Mashriqi was saddened by the division of India. To him, partition was not the solution to the country's problems. Following the emergence of Pakistan and India as separate nations (on August 14 and 15, 1947 respectively), Mashriqi's life was made very difficult. His and the Khaksar Tehrik's materials were confiscated throughout India and Pakistan, and Mashriqi's followers were harassed in both countries. Mashriqi's followers in India wanted to revive the Khaksar Tehrik (which Mashriqi had disbanded in July of 1947), but the Government imposed a ban in 1948. In Pakistan, on the insistence of his followers and supporters, Mashriqi founded a new party called the Islam League on October 31, 1947. But the new Government in Pakistan led by Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah did not want any opposition in the country (in other words, one-party rule). *The Pakistan Times* of April 21, 1948 wrote of Jinnah's stance in an article entitled "Quaid-e-Azam plea for one party in Pakistan."

The Government attempted to create hurdles for Mashriqi and his party at every possible juncture. For example, when Mashriqi wanted to travel to the USA (and other countries) where he had been invited by the United Nations to present his case on Kashmir and other topics, the Pakistani Government denied his passport. Then, in 1950 and 1951, Mashriqi was arrested under Prime Minister Liaquat Ali Khan's Government. He was kept in jail for a long time, a trend that persisted with subsequent Governments. In 1957, Mashriqi was arrested at least three times.

Despite the Government's attempts to stop him, Mashriqi remained a vocal opponent of its policies. In 1958, the Pakistani establishment attempted to silence Mashriqi forever by falsely implicating him in Dr. Khan Sahib's murder. Following a long trial (which is the focus of this book), the prosecution was unable to prove its case and Mashriqi was honorably acquitted. Then, in 1962, Mashriqi was accused of conspiring to topple the Government and was again arrested and imprisoned (due to his ailing health, he was later moved to his residence where he remained under house arrest).

Mashriqi died on August 27, 1963 at Albert Victor Hospital (Mayo Hospital) in Lahore. Following his death, a pall of gloom prevailed across the country; condolence messages from followers and admirers came from all over the world. Well over 100,000 people, from all walks of life, attended his funeral. All along the funeral procession, the

public gathered to pay tributes to their leader and showered his body with flowers. With his death, one important chapter of the history of the Indian sub-continent came to a close.

Allama Mashriqi not only led the freedom movement of the Indian sub-continent during his lifetime, but also left behind a lasting legacy of combating injustice, communalism, and sectarianism. He worked all his life for unity, discipline, and fostering a peaceful co-existence among people, regardless of religion, class, color or creed. Indeed, he made countless sacrifices in pursuit of these objectives and was arrested approximately fourteen times during his political career (and had his movements restricted at least three times, see Appendix for dates). As a result of his unrelenting fight, Mashriqi forever changed the history of the Indian subcontinent.

The above article is taken from the book entitled:

Allama Mashriqi Narrowly Escapes the Gallows: Court Proceedings of an Unpardonable Crime Against the Man Who Led the Freedom of the Indian Subcontinent. Author: Nasim Yousaf

For more information on Allama Mashriqi, please visit:

1. https://www.facebook.com/allamamashraqi
2. https://www.facebook.com/AllamaMashriqi.1
3. https://www.facebook.com/TazkirahByAllamaMashriqi
4. https://www.facebook.com/Khaksar.Movement

Allama Mashriqi's Credentials

Education

M.A. Mathematics, University of Punjab (1907); University of Cambridge (U.K., 1907-1912): Completed Four Triposes in Mathematics, Natural Sciences, Mechanical Sciences, Oriental Languages; Honored as Wrangler, Foundation Scholar, and Bachelor Scholar

Fellow/Member of International Societies

Fellow, Royal Society of Arts (London, Inducted in 1923); Fellow, Société de Géographie (Geographical Society of Paris, Inducted in 1926); Fellow, Asiatic Society of France (Inducted in 1926); Member, International Congress of Orientalists (Leiden, Inducted in 1930)

Founder

Khaksar Movement (1930); *Al-Islah* Urdu weekly newspaper (1934); Islam League (1947); Co-Founder Islamia College (Peshawar)

Published Works

Tazkirah (nominated for Nobel Prize in Literature, 1925); *The Constitution of Free India, 1946 A.C*; *Maulvi Ka Ghalat Mazhub*; *Hadeesul Quran*; *Human Problem*; *Takmillah*; *Isha'raat*; *Deh Al'baab* (Collection of Poetry); *Armughan-e-Hakeem* (Collection of Poetry); *Hareem-e-Gaib* (Collection of Poetry); *Qaul-e-Faisal*; *Kharita* (Persian Poetry)

Government Service

Vice Principal and Principal, Islamia College (Peshawar, 1913-1917); Under Secretary of Education (Government of India, 1917-1920); Member, I.E.S. (Indian Education Service, 1920)

Honors Declined

Premiership of Alver State (British India, 1912); Ambassadorship to Afghanistan (1920); Knighthood (Title of "Sir," 1920); Federal Cabinet Ministries in Pakistan (1950s and 1960s)

Famous Speeches

Khitab-e-Misr (International Caliphate Conference, Cairo, May 1926); *Where Leaders Fail* (Calcutta, 1945);
Predicted terrorism and tyranny in Pakistan (Patna, 1947); *Khitab-i-Lahore* (Lahore, 1950);
Predicted separation of East Pakistan and West Pakistan (Lahore, 1956)

Other Honors

Board Member, Delhi University (British India, 1923); President, Mathematical Society (British India, 1924); Elected President, All World's Faiths Conference (British India, 1937); Gold Medalist, World Society of Islam (1938)

Chronology of Allama Mashriqi's Arrests and Restrictions on His Movements[i]

In British India, Allama Mashriqi was arrested approximately 5 times and had his movements restricted twice (from 1932 to 1937, Mashriqi was barred from entering the North West Frontier Province and then on January 19, 1942, upon release from Vellore Central Jail, he was not permitted to leave the Madras Presidency[ii] until December 28, 1942). After the creation of Pakistan, Mashriqi was arrested approximately 9 times. In 1962, restrictions on his movements were imposed. Below is a summary of Mashriqi's restrictions and arrests. Note that there may be other arrests that are not included in this list.

1932 October 15

The North West Frontier Government (NWFP) imposes a ban on Khaksar activities and Mashraqi's entry into NWFP (now Khyber Pakhtunkhwa). The ban was lifted in 1937.

March 27, 1937

Allama Mashriqi is arrested at a Khaksar Camp (behind Chandni Chowk) in Delhi by Superintendent of Police Scott.[iii]

1939 September 01

Allama Mashriqi, who was in Lucknow to resolve the Shia-Sunni conflict, is arrested in the early hours (4:05 A.M.) of the morning.

1939 September 13

Allama Mashriqi is arrested at Malihabad (U.P., now Uttar Pradesh).

1940 March 19

Allama Mashriqi is arrested.

1947 June 09

Allama Mashriqi is stabbed and arrested. Note: The Canberra Times (June 11, 1947) wrote: "Allama Mashriqi…was yesterday stabbed at a hotel where the Moslem League Council met." This report was written on June 10, 1947.

1950 October 03

Allama Mashraqi, along with his two sons, is arrested in Lahore.

1951 January 11

Around 5:00 am, a Magistrate and armed police raid Mashriqi's house in Ichhra, Lahore and conduct a thorough search. Police arrest Mashriqi and cordon his house. Mashriqi is arrested under the Punjab Public Safety Act.

1957 January

Allama Mashriqi and 51 Razakars are arrested (PT 1957 Sept. 20; PT 1957 Oct. 03). Note: The date of their arrest and release was not specified in the source used.

1957 April 21

Allama Mashriqi along with a large number of Razakars are arrested at Wahgah border (near the Pakistan-India border near Amritsar) (PT 1957 Apr. 23; PT 1958 Oct. 11; C&MG 1957 Apr. 23).

1957 October 19

Allama Mashriqi is arrested. Mashriqi informs the Lahore Court that he plans to march towards India on October 21, 1957.

1957 October 22

Allama Mashriqi is again arrested (Hussain 1994, 182). Allama Mashriqi is sentenced to an aggregate term of two years of rigorous imprisonment and fined Rs. 1,200 (C&MG 1958 Jan. 11; PT 1958 Jan. 11). Ten of Mashriqi's followers are also sentenced. Mashriqi, who had been released on bail on October 21, 1957, is again imprisoned. He would remain in jail until January 1958 (Syed Shabbir Hussain, Kashmir Aur Allama Mashriqi, 1994, p. 182).

1957 October 28

Allama Mashriqi is released and arrested again.

1958 May 10

Allama Mashriqi is arrested at 3:45 a.m from his residence in Ichhra, Lahore. Others arrested include Mashriqi's son and four followers. Allama Mashriqi is implicated in a false murder case.

1962 May 06

Allama Mashriqi is arrested. Later, he was moved to house arrest until August 23, 1962, as he was suffering from cancer and in poor health.[iv]

About the Compiler

Nasim Yousaf is a scholar and historian. He has thus far published 16 books and numerous articles (which have appeared in newspapers in many countries, including Australia, Bangladesh, Canada, Pakistan, India, Japan, Norway, United Kingdom, and the USA) and has presented his works at conferences in the U.S. His works have been published in the journals *Harvard Asia Quarterly* and *Pakistaniaat* (USA) as well as in the *World History Encyclopedia* (USA). He has also compiled a rare and historic collection of a newspaper entitled *Al-Islah*, which was launched by his grandfather, Allama Mashriqi, in 1934. His books and other works are important contributions to the historiography of South Asia. He is currently working on additional books and articles.

His published books include:

1. *Mahatma Gandhi & My Grandfather, Allama Mashriqi: A Groundbreaking Narrative of India's Partition*
2. *Dr. Akhtar Hameed Khan - Pioneer of Microcredit & Guru of Rural Development*
3. *Allama Mashriqi Narrowly Escapes the Gallows: Court Proceedings of an Unpardonable Crime Against the Man Who Led the Freedom of the Indian Subcontinent*
4. *Hidden Facts Behind British India's Freedom: A Scholarly Look into Allama Mashraqi and Quaid-e-Azam's Political Conflict*

For more information on the author's works, please visit:

- https://www.facebook.com/nasimyousaf.26
- http://independent.academia.edu/NasimYousaf
- https://archive.org/details/@nasimyousaf
- https://www.scribd.com/NasimYousaf

هو الغالب

دیں ہاتھ سے دے کر اگر آزاد ہو ملّت
ہے ایسی تجارت میں مسلماں کو خسارہ

پاکستان اور خاکسار

مسئلہ پاکستان پر خاکسار نقطۂ نظر سے ایک
بہترین اور لاجواب کتاب

از

ماسٹر اللہ دِتا جانباز
سالارِ خاکساران پشاور صدر و نوتھیہ

ادارہ اُخوت و مساوات پشاور صدر

بار دوم — قیمت ۵

انتساب

اپنی اس ناچیز تصنیف کو

اپنے مجاہد اور سرفروش محترم بھائی

جانباز غازی غلام حسین بہادر

(اسیر حادثہ ۱۹ مارچ ۱۹۴۰ء سنٹرل جیل لاہور)

کے نام نامی سے معنون کرنے کا فخر حاصل کرتا ہوں۔

جن کی بہادرانہ زندگی ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ہمارے واسطے نمونۂ عمل رہیگی

اور جن کے غازیانہ کارنامے خاکسار تحریک کی تاریخ میں

چاند اور سورج بن کر چمکیں گے۔

خاکسار ڈاکٹر اللہ دتا جانباز

خاکسار اعظم علّامہ مشرقی کا پیغام

قائدِ محترم جناح کے نام

مرے لئے ہے فقط زورِ حیدریؓ کافی
ترے نصیب فلاطوں کی تیزیٔ ادراک
مری نظر میں یہی ہے جمال و زیبائی
کہ سر بسجدہ ہیں قوّت کے سامنے افلاک

(اقبالؒ)

آزاد پاکستانی فوج کا

اعلانِ حقیقت

مسلمِ حر آ! یہ موقع ہے بسم اللہ اٹھ　　اس کو کہتے ہیں جہاد فی سبیل اللہ اٹھ

سامنے اغیار کے کیوں ہاتھ پھیلاتا ہے تو　　آہ! اتنا نرم آخر کیوں ہوا جاتا ہے تو

تیری فطرت ہی نہیں ہے آشنائے التماس　　تجھ کو دریوزہ گری آ ہی نہیں سکتی ہے راس

ہندوؤں سے کس لئے تو در پئے تدبیر ہے　　مانگ کر لینا حقیقت میں تری تحقیر ہے

مت گرا یوں مانگ کر للہ اپنی شان کو　　احتیاج قوتِ بازو ہے پاکستان کو

رنگ پاکستان کا پودا اسی دم لائے گا

جب لہو سے نوجوانوں کے یہ سینچا جائے گا

اب ضرورت ہے جنوں کی زور کی ایمان کی　　خون کے دھارے پہ بہیگی ناؤ پاکستان کی

تجھ کو پاکستان لینا ہے تو آ میداں میں آ

عزم و استقلال قربانی کے آ جوہر دکھا　　(ماخوذ)

"پاکستان"

پاکستان — مسلمان کے دل و دماغ پر ایک جنون بن کر چھایا ہوا ہے —
اور وہ اسے ہر قیمت پر حاصل کر کے رہیگا۔

پاکستان — عوام کی نظروں میں کتاب و سنت کی روشنی میں ایک عدل پرور اسلامی حکومت
کا نام ہے اور مسلمان اس "جنت ایمانی" تک پہنچنے کیلئے بیقرار ہے۔

لیکن

خود غرض اور سیاہ کار رہنما "پاکستان کے" سبز باغ دکھا کر اور عوام کے جوش و خروش سے ناجائز فائدہ اٹھا کر
وزارتوں، عہدوں، کرسیوں، چندوں اور حلوے مانڈوں
کی فکر میں ہیں — قومی قوت کو کمزور بنا کر غلامی کی زنجیروں کو اور بھی مضبوط کر رہے ہیں

— کیا پاکستان گروپ بندی، عہدوں یا وزارتوں کا نام ہے؟؟؟
— کیا پاکستان ہندو کے پاس ہے؟؟؟
— کیا انگریز فی الواقعہ پاکستان دینے پر رضامند ہے؟؟؟

ان تمام سوالوں کا جواب
حقیقی پاکستان کے حصول کا واحد طریقۂ کار

ان چند صفحات میں اپنی ناچیز عقل و فہم کے مطابق واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے، خدا کرے
مسلمان بھائی میرے ان جذبات سے مستفید ہو سکیں بس اتنی ہی آرزو ہے!

(مصنف)

أَم حَسِبتُم أن تدخلوا الجنّة ولما یأتکم مثل الذین
خلوا من قبلکم ۝ مستهم البأساءُ والضراء و
زُلزِلُوا حتّٰی یقول الرسُول والذین آمنوا معهٗ مَتٰی
نصر اللّٰه ط ألا إن نصر اللّٰه قریب ۝ (۲ : ۲۱۴)

مسلمانو! کیا تم نے اپنے زعم میں یہ سمجھ لیا ہے کہ خدا کو منہ سے خدا کہہ کر مزے
سے بہشت میں جا داخل ہو گے .... حالانکہ ابھی تک تمہاری وہ حالت نہیں
ہوئی۔ جو تم سے پہلے ایمان والوں کی تھی۔ انہوں نے اعلائے دین اور
حفاظت اسلام کی خاطر وہ سختیاں اور وہ وہ دردناک تکلیفیں اٹھائیں اور
انکی محن میں ان کے ایمان شدت ایذا اور تسلسل تکلیف کی وجہ سے ڈگمگائے
حتیٰ کہ خود پیغمبرؑ اور ان کے ایمان والے ساتھی بھی پکار اٹھے کہ اے خدا! تیری مدد
آنے کا کوئی وقت بھی ہے؟ پھر ہم نے ان کو تسلی دی اور کہا۔ اے
ایمان والو! سنبھلو سنبھلو! خدا کی مدد کا وقت قریب ہے۔

ہندستان کے بُرے دن اور انگریز کی شاطرانہ چالیں

جب کسی قوم کے بُرے دن آتے ہیں تو ہر آفت، ہر مصیبت، ہر مشکل، ہر خرابی ہر بیماری خود بخود اس میں پیدا ہو جاتی ہے، قوم اخلاق اور روحِ مذہب سے بیگانہ ہو جاتی ہے، اللہ تعالیٰ اُس پر نازل ہونا شروع ہو جاتا ہے، ظالم لوگ اُس پر حاکم بنا دیے جاتے ہیں، خود غرض، نفس پرست اور غلط کار اشخاص اُس کے لیڈر (رہنما) بن کر نکلتے ہیں اور بجائے کسی فائدہ پہنچانے کے، اُلٹا قوم کو گھن کی طرح کھانے لگ جاتے ہیں، یہی وہ وقت ہوتا ہے، جب قومی کشتی ڈانواں ڈول ہوتے نظر آتی ہے، امیدوں پر اوس پڑ جاتی ہے اور چاروں طرف مایوسیاں ہی مایوسیاں دکھائی دینے لگ جاتی ہیں۔

ہندوستان کا مسلمان بھی آج بالکل اسی کشمکش میں گرفتار رہے اور انہی حالات سے دوچار رہے، سلطان ٹیپو شہید اور سراج الدولہ جیسے مجاہدینِ اسلام کی شہادت اور ۱۸۵۷ء کی آخری جنگِ آزادی کے بعد بھی شاہ اسمٰعیل شہیدؒ، سید احمد بریلوی اور دوسرے مجاہدین کے وجود نے انگریزوں پر یہ امر واضح کر دیا کہ ہندوستانی مسلمانوں میں اب بھی کچھ جان باقی ہے یعنی

ع ہے ہنوز ان کی رگوں میں اثرِ حکمِ جہاد

تب ان شاطرانِ مغرب نے رُخ بدلا اور ایک اور چال چلی۔ ایسی چال جو تلوار کی مار اور بندوقوں کی باڑ سے بھی زیادہ خطرناک اور ہلاکت آفرین تھی وہ چال جو آج بھی اپنے پورے زور و شور سے جاری ہے — اور وہ پُرفریب چال "لڑاؤ اور حکومت کرو" کی چال تھی۔ چنانچہ انگریزی شہنشاہیت نے اس کیلئے مندرجہ ذیل طریقے اختیار کیے:۔

(۱) سرسید احمد خان اور اُن کے ساتھیوں کے ذریعہ قوم میں انگریزی تعلیم کو رواج دیا۔ تاکہ مسلمان کی خودی کو تعلیم کے تیزاب میں ڈھال کر اور اُسے سرکاری ملازمتوں کے جال میں پھنسا کر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ناکارہ اور بزدل بنا دیا جائے۔

(۲) مذہبی رنگ میں ملت اسلامیہ میں ایسی تبلیغ کرانے کی کوشش کی۔ جس کے ذریعہ جہاد اور قتال کا خیال تک مسلمانوں کے ذہن سے دُور ہو جائے اور ایک دن ایسا آئے کہ تیرہ تیرہ قلعے روزانہ فتح کرنے والوں کی یہ اولاد اس درجہ دُون ہمت ہو کر رہ جائے کہ خود اپنی جان کی حفاظت تک نہ کر سکے۔ چنانچہ اس کے لئے صرف علمائے سُو کی خدمات حاصل کرنے پر ہی اکتفا نہ کیا گیا بلکہ "سرکاری نبی" تک پیدا کئے گئے جنہوں نے اپنے سفید فام آقا کو خوش کرنے کیلئے یہاں تک کہہ دیا کہ ؎

اے دوستو، جہاد کا اب چھوڑ دو خیال

دیں کیلئے حرام ہے اب جنگ اور قتال

(۳) ایک انگریز افسر نے "کانگرس" کی بنیاد رکھی۔ جس کا کام شروع شروع میں انگریزوں کی ہاں میں ہاں ملانے اور سرکاری نوکریاں حاصل کرنے کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ لیکن جب کانگرس نے حکومت کے خلاف کچھ پر پُرزے نکالنے شروع کئے تو فوراً مسلمانوں کو کانگرس سے متنفر کرتے ہوئے ایک دوسرے سیاست دان "انگریز کے ہاتھوں مسلم لیگ" کا قیام عمل میں آیا۔ چنانچہ اس طرح سے ہندوستان میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہندو مسلمان سیاسی طور پر بھی آپس میں بٹ گئے اور

؎ کٹ گئے بھائیوں سے جب بھائی   جو نہ آئی تھی وہ بلا آئی

کے مصداق پارٹی بازی کی یہ لعنت آج تک بڑھتی ہی چلی جا رہی ہے اور اس کی ہلاکت آفرینیوں نے ارضِ ہند کو جہنم بنا رکھا ہے۔

(۴) چند یوروپ زدہ اور روحِ اسلام سے بے بہرہ لیڈروں کے ذریعہ مسلمانوں میں اس خیال کو اشاعت دی گئی کہ "مذہب اور سیاست علیحدہ علیحدہ چیزیں ہیں۔" مطلب یہ تھا کہ مسلمان یہود نما اور دینِ فطرت سے قطعاً ناآشنا لوگوں پر بھی اعتماد کرنا سیکھ جائیں ــــ حالانکہ اسلام ایک ایسا مکمل دین ہے جو نہ صرف نجاتِ اُخروی کا ذمہ دار ہے بلکہ ہر دُنیاوی معاملہ میں بھی ایک مکمل ضابطۂ عمل ہے اور اس کا دعوےٰ ہے کہ وہ اپنے پیروؤں کو دین و دُنیا میں کامران و کامیاب کرتا ہے ـــــ اس طرح سے مذہب کا اثر اور اس کی ہمہ گیری کا احساس مسلمانوں میں دن بدن کم ہوتا گیا اور مغرب کی بے دین سیاست ہی میں فرزندانِ توحید کچھ ایسے اُلجھے کہ "نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم"۔ حالانکہ علامہ اقبالؔ کا واضح فتوےٰ ہے "جُدا ہو دین سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی"۔

اور ؎ دیں ہاتھ سے دے کر اگر آزاد ہو ملت

ہے ایسی تجارت میں مسلماں کو خسارہ؛

کچھ کم قابلِ التفات نہ تھا۔

(۵) مسلمانوں کو ذہنی، مالی اور علمی تلاشی میں مبتلا کیا گیا۔ تاکہ وہ پیٹ کے دھندوں سے ہی فرصت نہ پا سکیں۔ "بھوک کی مار" نے ان شیروں کو روباہ بننے پر مجبور کر دیا۔ اور آج نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ محض "شکم سامانی" اور چند ٹکوں کی خاطر ہندوستانی مسلمان خانۂ کعبہ پر بھی گولیاں چلانے سے دریغ نہیں کرتا ــ غرضیکہ مغرب کی بے دین سیاست نے ہماری قومی زندگی کے ہر پہلو پر کچھ اس طرح کا ڈنگ جمایا کہ چند ہی برسوں تک مسلمان

سب کچھ بھول گیا کہ وہ کون تھا اور کیا بن گیا ہے؟ ـــ اسے کیا کرنا چاہیئے تھا اور کیا کر رہا ہے!

موجودہ سیاسی جماعتیں

زمانہ گذرتا گیا۔ انگریز کے چھوڑے ہوئے یہ جراثیم ترقی کرتے گئے۔ اب حالت یہ ہے کہ آج کا ہندو نہ سچا ہندو ہے اور نہ ہی مسلمان صحیح معنوں میں دین قیم کا پیروکار ـــ آج مذہب، دھرم، اللہ، رسول، جاتی اور قوم کا نام اگر سننے میں آتا بھی ہے تو اُلٹا ایک قوم کو دوسری قوم کے خلاف لڑانے اور بھڑکانے کیلئے ـــ تاکہ چند خود غرض، دشمنِ انسانیت اور شعلہ بیان مجسم لوگ عوام کو تباہ و برباد کر کے چند گدیاں، چند خطابات، چند کوٹھیاں اور بنگلے اور سب سے بڑھ کر اپنے گورے آقا کی خوشنودی حاصل کر سکیں۔

آج اگر کانگرس "بڑی جماعت" ہے تو صرف اس لئے کہ اس نے آج تک قوم کی ایک "بڑی تعداد" کو اپنی مطلب برآری کیلئے بے مقصد مروایا اور جیلوں میں بند کروایا ـــ "آزادی" کا سنہری خواب دکھا دکھا کر آخر قوم کو اسی ابدی غلامی کے جہنم میں دھکیل دیا ـــ اس کا "بڑا پن" صرف یہ ہے کہ سب سے بڑھ کر "جھوٹی" ہے ـــ لیگ اگر مسلمانوں کی سب سے "بڑی جماعت" ہونے کا دعویٰ کرتی ہے تو اس کی بڑائی یہ ہے کہ بنگال میں اس نے ایک ہی سال میں پچاس لاکھ انسانوں کی ایک "بڑی تعداد" کو فاقوں سے تڑپا تڑپا کر مارا ـــ ہزاروں مسلمان کلکتہ اور بمبئی وغیرہ کے حالیہ فسادات میں ہلاک کرائے۔ "پاکستان" کا فریب دے دیکر اور ہندوؤں سے لڑائی مول لے لے کر آج انگریز کے قدم ہندوستان میں مضبوط کئے ـــ ہاں مسٹر جناح صرف اس لئے "بڑا" ہے کہ

"بڑا لاٹ صاحب" (وائسرائے) اُس سے بڑا ہی خوش ہے — سو بایں کہ بڑے بڑے چھوٹے اخبارات اس کی بڑی ہی تعریف کر رہے ہیں۔

غرضیکہ آج حالت یہ ہے کہ ان تمام سیاسی مداریوں کے متعلق، جو قوم کو دن بدن کمزور سے کمزور تر بنا رہے ہیں، "حکیم مشرق" کا صرف ایک شعر ہی پیش کر دینا کافی ہوگا کہ

من ازیں بیش ندانم کہ کفن دُزدے چند
بہرِ تقسیمِ قبور انجمنے ساختہ اند

آجکل کے مسلمانوں کی غلط فہمی

یہاں پر یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ کیا "مسلم لیگ" مسلمانوں کی بڑی جماعت نہیں ہے؟ تو اس کا میرے پاس صرف اور صرف ایک جواب ہے اور وہ یہ کہ

"جب روپیہ بولتا ہے تو حق خاموش ہو کر رہ جاتا ہے"

حقیقت یہ ہے کہ اخبارات، ریڈیو اور جاہ طلب اور خود غرض لوگوں کے ایک غرضمندانہ اجتماع نے اور سب سے بڑھ کر سرکارِ دولتمدار نے اپنی خاص اغراض کے پیشِ نظر مبینہ "لیگ" کو بانس پر چڑھائے رکھا — ورنہ اسلام میں تو بڑا وہ ہے جس کے اعمال بڑے ہوں — نام کی بڑائی، تعداد یا زیادہ ووٹوں کا حصول قطعاً کوئی بڑائی نہیں — انسانوں کی ایک بے ہنگم اور غیر منظم بھیڑ کبھی بھی چند صالح اور منظم افراد کا مقابلہ نہیں کر سکتی — بندوں کو گننا ہی جمہوری طرزِ حکومت کی سب سے بڑی کمزوری ہے، جس کے متعلق مصورِ پاکستان حضرت اقبالؒ خود فیصلہ دے چکے ہیں کہ

از مغزِ دو صد خر فکرِ انسانے نمے آید

خضر حیات خان کی مثال

اگر لیگیوں کا یہ دعوے صحیح مان لیا جائے کہ زیادہ ووٹ حاصل کر لینا ہی کسی کے بڑے ہونے کی دلیل ہے — تو میں اپنے ان بھائیوں سے پوچھتا ہوں کہ پھر تم خضر حیات خان (وزیر اعظم پنجاب) کو کیوں خارج از اسلام (کیونکہ لیگ والوں کے خیال میں اسلام صرف سیاسی دھڑے بندیوں اور ذہنی عیاشیوں ہی کا نام رہ گیا ہے) قرار دے بیٹھے ہو، کیوں اُن کی وزارت کے خلاف زمین و آسمان ایک کرنے میں لگے ہو، کیوں تمہارا سارا پریس اُن کے پیچھے پنجے جھاڑ کر پڑا ہوا ہے — حالانکہ تمہارے قائداعظم تو صرف ایک ہی سیٹ پر کامیاب ہوئے تھے اور خضر حیات خان بیک وقت تین حلقوں سے کامیاب ہوئے — تو کیا یہ سمجھ لیا جائے کہ خضر حیات ہی ہندوستان کے سب سے بڑے رہنما اور اسلام کے ظل جلیل ہیں؟ کیونکہ انہوں نے سب سے زیادہ ووٹ حاصل کئے۔

پس یہ دعویٰ کہ ۸۵ فیصدی ووٹ حاصل کر لینا ہی لیگ کے بڑا ہونے کی دلیل ہے، قطعاً غلط اور بے سروپا ہے کیونکہ اس بے دین سیاست میں وہی شخص زیادہ ووٹ حاصل کر سکتا ہے جو زیادہ روپیہ خرچ کرے اور زیادہ جھوٹ بولے۔

اِفتراق کا باعث کون ہے؟

جب اربابِ لیگ سے اپنی سیاہ کاریوں پر پردہ ڈالنے کے لئے اور کچھ بن نہیں پڑتا تو اپنے زر خرید اخبارات، چندہ خور لیڈروں اور گلا باز

مقرروں کے ذریعے یہ پروپیگنڈہ شروع کردیا جاتا ہے کہ

"وقت نازک ہے تمام مسلمانوں کو ایک ہوجانا چاہیئے"

قائد اعظم اپیل شائع کراتے ہیں کہ خاکسار، جمعیت العلماء، احرار سب کو چاہیئے کہ لیگ میں شامل ہوجائیں۔ واہ کیا منطق ہے!

"مکر جانے کا قاتل نے نرالا ڈھنگ سوچا ہے
ہر اک سے پوچھتا ہے اس کو کس نے مار ڈالا ہے"

حضرت! آخر افتراق پھیلایا کس نے؟ اور پھر لیگ میں ایسا کون سا مُرخاب کا پَر لگا ہے کہ سب لیگ میں آجائیں؟ ـ کیا یہ صرف اس لئے کہ "بڑی مچھلی" "چھوٹی مچھلیوں" کو ہڑپ کرسکے اور آپ اونچے لیڈر بن کر جمہوری حکومت کی چھوٹی کرسی بھی حاصل کرلیں! ـــــ اگر یہ نہیں اور فی الواقع آپ کی اس اپیل میں کوئی صداقت ہے تو پھر کیوں نہیں آپ تمام مسلم جماعتوں کے لیڈروں کی ایک کانفرنس بلاتے اور اس کے فیصلہ کو اپنے لئے لائحہ عمل ٹھہراتے۔

باقی رہا۔ افتراق پھیلانا۔ تو اس کی اپیل بھی آپ ہی کی طرف سے ہوئی ہے ۱۹۴۰ء میں خاکسار تحریک پر، ۱۹۴۳ء میں کانگرس کا جنازہ آپ ہی کے کندھوں پر انگریز نے اٹھوایا اور اسی کے صلے میں آپ کی "وحدانیت" کو تسلیم کیا گیا ـ مولانا آزاد جیسے عالم دین کو آپ نے ہی "شو بوائے" کا خطاب عنایت کیا۔ خاکساروں سے بائیکاٹ کا ریزولیوشن آپ ہی کی ورکنگ کمیٹی نے پاس کیا ـ حسین احمد مدنی کی ڈاڑھی میں آپ ہی کے چیلوں نے شراب لنڈھائی۔ بنگال میں آپ ہی کی وزارت کے دوران میں لاکھوں مسلمان ایک ایک دانہ اناج اور ایک ایک تار کپڑے کیلئے سسک سسک کر بھوکے اور ننگے مرے۔ اُن کے لاشے گدھوں اور کتوں نے کھائے، سندھ میں آپ کے پاکستانی

وزیروں کی حکومت ہی میں مجاہد اعظم پیر صبغۃ اللہؒ اور اُن کے سینکڑوں جانباز ساتھیوں کو تختۂ دار پر لٹکایا گیا۔ کتنا درد ہے اسلام کا آپ میں ؟ ! آپ کے فریبی اخبارات ایک طرف تو معمولی سے معمولی اچھوت اور سکھ کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتے اور دوسری طرف اُنہیں بڑے سے بڑے مسلمان کو کافر اور مشرک گردانتے ہوئے کوئی شرم محسوس نہیں ہوتی۔

مُسلم لیگ اور خاکسار

دوسری جماعتیں تو خیر مسلم لیگ کی سیاسی رقیب یا کانگرس کی ہم نوا ہونے کے باعث لیگ کی مخالف ثابت ہو سکتی ہیں اور لیگ اُن کے خلاف کوئی اقدام کرنے میں حق بجانب بھی جا سکتی ہے، لیکن حیرانی کی بات تو یہ ہے کہ آج کل لیگ کے لیڈروں نے خادم خلق، بے غرض اور مجاہدینِ اسلام خاکساروں کی جا و بیجا مخالفت اپنا فرض منصبی رکھا ہے، حالانکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ ہر مرحلہ پر خاکساروں نے لیگ سے جس تعاون کا ثبوت دیا وہ رہتی دُنیا تک یادگار رہے گا۔ بلکہ یہاں تک کہا جا سکتا ہے کہ خاکساروں نے ہی لیگ کو اس قدر ہر دلعزیز بنایا، اُنہوں نے ہی مسلمانوں میں سیاسی بیداری، حُریت اور وطن پروری کے وہ جذبات پیدا کئے جن سے فائدہ اُٹھا کر آج لیگ "وحدہٗ لاشریک" ہونے کے دعوے کر رہی ہے۔

دُنیا جانتی ہے کہ مُسلم لیگ کے زمانۂ طفولیت سے لیکر آج تک خاکساروں نے اس جماعت کی زیادہ سے زیادہ خدمات انجام دی ہیں، خاکسار سپاہیوں کی سیدھی اور خوشنما قطاریں، چمکدار اور خوبصورت بیلچے، خوش وضع اور چست خاکی وردیاں ہمیشہ مُسلم لیگ کے جلسوں اور جلوسوں کو زینت بخشتی رہی ہیں۔

خاکسار سپاہی نے ہر موقع و محل پر مسٹر جناح کے محافظ اور باڈی گارڈ کے فرائض انجام دیئے ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ مسلم لیگ کو مسلمانوں کی باوقار جماعت سمجھا، قائد اعظم جناح کی قیادت پر ہمیشہ اعتماد کیا، انہیں قوم کا ایک اچھا لیڈر مانا اور لیگ کی کبھی مخالفت نہ کی۔

قائد اعظم جناح پر خاکسار کا مکمل اعتماد

اُن معاندین کو جو آج خاکسار کو لیگ کا دشمن سمجھ بیٹھے ہیں۔ شاید یہ معلوم نہ ہو کہ پاکستان کے منظر عام پر آنے سے پہلے ہی حضرت علامہ مشرقی کے دل میں قائد اعظم کی کتنی وقعت تھی۔ چنانچہ ۱۹۳۹ء میں محاذ یو۔پی کے موقعہ پر علامہ صاحب نے جو بیان دیا۔ اس کے ایک ایک لفظ سے قائد اعظم جناح کے لئے اُن کی عقیدت صاف ترشح ہے۔ خاکسار اعظم نے فرمایا:۔

"محترم مسٹر جناح نے ہمارے مطالبات کو دیکھ کر اُن کو معقول قرار دیا ہے۔ ہم نے کوئی نئے ضد، حسد اور مذہبی تعصب کے باعث حکومت کے سامنے پیش نہیں کی۔ نہ شیعہ سُنی فساد کو بند کر دینے کا مطالبہ کسی عنوان سے ناجائز سمجھا جا سکتا ہے۔ ہم نے یہ مطالبہ اس وقت پیش کیا تھا، جبکہ مسلمانوں کے بیس ہزار گھر قید و بند کی مصیبتوں کے باعث برباد ہو چکے تھے۔ بلکہ ہمیں یقین ہو چکا تھا۔ کہ شیعہ سُنی فساد اوّل سے آخر تک حکومتِ یو۔پی (کانگرس) کا خود پیدا کردہ ہے ——— محترم مسٹر جناح آج چاہتے ہیں کہ مطالبات گفت و شنید سے طے ہوں، مجھے اس میں کوئی عذر نہیں، انہوں نے اقرار کیا ہے کہ وہ اس کو مضبوطی سے پیش کریں گے اور

منوا کے رہیں گے۔ میں ایک بزرگ رہنمائے قوم کے احترام میں
محترم جناح کو تکلم کا موقعہ دیتا ہوں۔"

بعد ازاں سنہ ۱۹۴۰ء میں جبکہ حکومت پنجاب نے خاکسار تحریک پر پابندیاں عائد کرتے ہوئے بیلچہ اور سپاہیانہ قواعد کو ممنوع قرار دے دیا تو علامہ صاحب نے کافی دن سر سکندر کو سمجھانے میں صرف کئے اور بڑے بڑے مسلمان رہنماؤں کو بھی تاریں دیں کہ وہ سر سکندر حیات خان کو اس باہمی آویزش سے باز رکھیں

اس پر بھی جب وزیر اعظم پنجاب کا غصہ فرو نہ ہوا تو مجبوراً علامہ محترم (جو مسلمان کے خون کے ایک ایک قطرہ کو تمام دنیا و مافیہا سے زیادہ قیمتی سمجھتے ہیں) دہلی گئے۔ جہاں وائسرائے سے ملاقات سے قبل انہوں نے قائد اعظم جناح کا شرف باریابی حاصل کیا اور انہیں کہا کہ وہ اپنے لفٹنٹ سکندر حیات خان کو سمجھائیں کہ اس مسلم کش پالیسی سے دستبردار ہو جائے۔ مسٹر جناح نے جواباً کہا کہ میں سر سکندر حیات خان کو سمجھانے کی کوشش کروں گا آپ وائسرائے سے ملیں۔

جب تمام پیش بندیوں اور کوششوں کے باوجود پنجاب کا سنگدل وزیر اعظم ظلم وستم سے باز نہ آیا اور ۱۹ مارچ سنہ ۱۹۴۰ء کو اس نے بے گناہ خاکساروں کو خاک و خون میں تڑپا کر اپنے کلیجہ کو ٹھنڈک پہنچانے کے سامان مہیا کئے۔ حبیب محمد عربی کے نام لیوا، سنت حسینؓ کے پیروکار، خاکسار نوجوان گولیوں اور سنگینوں سے لاہور کی کربلا میں تڑپائے گئے اور ان کی لاشیں پولیس کے گھوڑوں کی ٹاپوں تلے روندی جا رہی تھیں ـــ تو چند ہی قدم کے فاصلہ پر محترم جناح آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس کے عظیم الشان اور دلھن کی طرح سجے ہوئے پنڈال میں کرسئ صدارت پر ڈٹے بیٹھے تھے۔ جب بھی خاک رہنماؤں نے آپ کی قیادت پر پورا پورا اعتماد ظاہر کیا۔

خاکسار چونکہ خود مخلص تھے، وہ جناح صاحب کو بھی ایک مخلص اور قابل احترام مسلمان سمجھتے تھے اور ان پر اعتماد کرتے تھے — خود جناح صاحب بھی چونکہ بہت بڑے سیاستدان اور زمانہ شناس ہیں۔ جونہی انہوں نے پبلک کا رجحان اور ہمدردیاں خاکساروں کی طرف دیکھیں، ہوا کے رخ اور وقت کے دباؤ سے مجبور ہو کر پبلک کے تالیفِ قلوب کیلئے خود اپنی طرف سے مندرجہ ذیل قرار دادیں اجلاس میں پیش کر دیں اور یقین دلایا کہ جب تک حکومتِ پنجاب اور خاکساروں کا کوئی خاطر خواہ فیصلہ نہیں ہو جاتا وہ لاہور سے نہیں جائیں گے قرار دادیں حسب ذیل تھیں:-

(۱) غیر جانبدار اور آزاد جوڈیشل ٹریبونل کے ذریعے گولی چلنے کے حادثہ کی تحقیقات کی جائے۔

(۲) جس قدر جلد ممکن ہو خاکسار تحریک کو خلاف قانونی قرار دئے جانے کا حکم واپس لیا جائے۔

اپنوں کی دشمنی

قائد اعظم کے اس اعتماد دلانے پر کہ اگر خاکسار آئندہ خلاف قانون اقدام بند کر دیں تو وہ حکومت کے ساتھ ان کی صلح کرا دیں گے خاکسار تحریک نے اپنی تمام جد و جہد چھوڑ دی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ تحریک کا زور ٹوٹ گیا۔ جہاں ایک طرف امن پسند خاکسار پوری خاموشی اختیار کئے رہے، دوسری طرف مکار حکومت بدستور انہیں مظالم کو بروئے کار لاتی رہی۔ قائد تحریک تو پہلے ہی جیل میں تھے۔ تحریک کے تمام ذمہ دار افسر بھی گرفتار کر لئے گئے۔ اب دنیا کی تمام طاقتوں سے مایوس خاکساروں کا آخری سہارا صرف مسٹر جناح تھے۔

چنانچہ خاکساروں کے محبوب رہنما میاں احمد شاہ صاحب بمبئی میں قائدِ اعظم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہیں یاد دلایا کہ آپ کے اعتماد دلانے پر ہم محاذِ جنگ بند کرا چکے ہیں اور آپ نے بھی اگر کچھ نہ کیا تو پھر کیا ہوگا؟؟؟ اس درخواست پر قائدِ اعظم صاحب کا دو ٹوک اور غیر متوقع جواب یہ تھا کہ

"بہتر ہوگا تم علامہ صاحب کی قیادت کو چھوڑ کر مسلم لیگ میں شامل ہو جاؤ"

اس کے بعد کئی دفعہ قائدِ اعظم صاحب کو اُن کے وعدے اور خود اُن کے پیش کردہ ریزولیوشن یاد دلائے گئے۔ لیکن وہ کب سنتے تھے، وہ تو ایسے خاموش رہے جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو ۔ اُن کا مطلب کہ خاکسار تحریک کو ہمیشہ کی نیند سُلا دیا جائے، اُن کے زعم میں پورا ہو چکا تھا اور وہ اپنی چال چل چکے تھے۔

اسی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ عین اُس وقت جبکہ خاکسار تحریک خلافِ قانون قرار دی جا چکی تھی، قائدِ تحریک علامہ مشرقی اور دوسرے خاکسار سردار قید و بند کی مصیبتوں میں گرفتار تھے۔ بجائے اس کے کہ اُن کی کوئی امداد یا دستگیری کی جاتی، لیگ نے اپنی انتقامی ذہنیت کا ایک اور مظاہرہ کرتے ہوئے خاکساروں کے بارے میں اپنی روش پورے طور پر واضح کر دی۔

۱۷ نومبر ۱۹۴۲ء کو مسٹر جناح کے اشارے پر آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کے اجلاس دہلی میں خاکساروں سے مقاطعہ (بائیکاٹ) کی قرارداد پیش کی گئی خود مسٹر جناح نے انتہائی غضبناک تقریر اس قرارداد کے حق میں کرتے ہوئے اس کی تائید کی اور کہا کہ اب خاکسار تحریک پہلے جیسی نہیں رہی۔ لہٰذا مسلم لیگ کا کوئی ممبر خاکسار تحریک کا رُکن نہیں رہ سکتا۔

"قائدِ اعظم کا یہ رویّہ کتنا نادرست اور اسلام دشمنی کے مترادف تھا۔ اس کا ثبوت خود وہ لیگی اخبار ہیں، جنہوں نے اس ریزولیوشن کو مسلم لیگ

کی سراسر غلطی اور حماقت قرار دیا، چنانچہ "زمیندار" کے اداریہ کے یہ الفاظ ملاحظہ ہوں :-

"اب غور کیجیئے کہ خاکساروں کو جب ٹھوکریں مار کر مسلم لیگ کے دروازے سے اُٹھایا جا رہا ہے تو وہ جائیں گے کہاں! سیاسی ضرورتیں اور مجبوریاں انہیں کس راہ پر ڈالیں گی! یہ تو ظاہر ہے کہ جب مسلم لیگ اپنی طرف سے خاکساروں کو مایوس کر چکی ہے اور ان کے خلاف انتقام و قصاص کا جذبہ مشتعل کر رہی ہے تو انہیں بھی مجبوراً وہی راہ اختیار کرنا پڑے گی جس پر مسلم لیگ کے مخالفین گامزن ہیں — اگر خدانخواستہ یہی صورتِ حال پیدا ہو گئی تو اڑھائی لاکھ خاکسار سپاہیوں اور اُن کے ساڑھے سات لاکھ معاونین یعنی کُل دس لاکھ مسلمانوں کو کانگرس کے حلقے میں پھینک دینے کی ذمہ داری کس پر عائد ہو گی؟ کیا اس غلط کاری کے لئے مسلم لیگ ذمہ دار نہ ہو گی جو خاکساروں پر اپنے دروازے بند کر چکی ہے۔"

آخر میں "زمیندار" کے فاضل مقالہ نگار نے لکھا کہ :-

"اگر مسلمانوں سے مقاطعہ (بائیکاٹ) کی رفتار یہی رہی تو مسلم لیگ کی شانِ نمائندگی کا کیا حشر ہو گا؟ مذکورہ حقائق کے پیشِ نظر خاکساروں کا مقاطعہ ایک خوفناک غلطی ہے جس کی تلافی فوراً ہی ہونی چاہیئے ورنہ مسلم لیگ اپنی راہ میں خود ہی کانٹے بونے کی ذمہ دار ہو گی۔" "زمیندار" ۱۷ر نومبر ۱۹۴۲ء

درحقیقت ان تمام کارروائیوں، انتقامی حربوں اور یکطرفہ قراردادوں سے قائداعظم کا اصل مقصد یہی تھا کہ مسلمانوں کی یہ مخلص اور فعال جماعت (جس کے وجود کو انگریز بھی برداشت نہیں کرسکتا) کسی نہ کسی طرح ختم ہوجائے اور اس طرح ایک تو ان کی (جناح صاحب کی) لیڈری زور پکڑ جائے اور دوسری طرف انگریز بھی قائداعظم کی اس حسن خدمت سے خوش ہوجائے کہ شاباش

این کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

قراردادِ پاکستان

خاکساروں کے قتلِ عام کے دو ہی دن بعد لاہور کے سالانہ اجلاس میں تقسیم ہند سے متعلق وہ قرارداد پیش ہوئی جو آگے چل کر "پاکستان" کہلائی۔ وقتی طور پر مسلم لیگ کے خان بہادروں، نوابوں اور سَروں کی خواہش تھی کہ جس طرح بھی بن پڑے کانگرس کی راہ میں روڑے اٹکائے جائیں تاکہ "ہندوستان چھوڑدو" کے نعرے لگانے والی کانگرس جب "آزادی" یا "حکومت" مانگے تو اس مانگنے میں مسٹر جناح بھی آگے ہوکر اپنا حصہ طلب کریں۔ لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ "پاکستان" کے اس مطالبے سے لیگ کے تنِ مردہ میں کچھ زندگی سی آگئی۔ کچھ انگریز نے اس کے پروپیگنڈہ کو اس لئے بین الاقوامی طور پر تقویت دی کہ ہندوستان کی آزادی وقتی طور پر (جب کہ برطانیہ جنگ کی ہولناکیوں میں گھرا ہوا تھا) رک جائے اور ہندو مسلمان انگریز سے کچھ مانگنے کی بجائے آپس ہی میں الجھ کر رہ جائیں۔

ایک کامیاب الیکشن سٹنٹ

جنگ کے ان ہولناک دنوں (سنہ ۱۹۳۹ء سے ۱۹۴۵ء) میں جبکہ ملک کی

تمام آزادی طلب جماعتوں کے رہنما اور افراد قید و بند کی صعوبتوں میں گرفتار تھے۔ مسلمانانِ ہند کی محبوب جماعت خاکسار تحریک خلافِ قانون اور حکومت کے زیرِ عتاب تھی۔ خاکسار اعظم ویلور جیل میں اسیری کے دن کاٹ رہے تھے اور کوئی دوسری قابلِ ذکر اسلامی جماعت مقابلہ پر نہ تھی۔ مسلم لیگ نے "پاکستان" کا سٹنٹ اپنا کر مسلمانوں کو خوب دھوکا دیا۔ تقسیمِ ہند کا یہ تخیل رفتہ رفتہ اسلامی حکومت اور خلافت تک کے نام سے موسوم کیا جانے لگا۔ چنانچہ موجودہ انتخابات میں "پاکستان" کے سٹنٹ سے لیگ نے مسلمان عوام کو (جو ہمیشہ سے سادہ لوحی اور زود فریبی میں مشہور ہیں) خوب بیوقوف بنایا۔ ایک طرف حکومت کی شہ، دوسری طرف روپیہ کی ریل پیل اور پراپیگنڈہ، تیسری طرف پاکستانی جنت پر مسلم عوام کے ریجھ جانے نے اسمبلیوں اور کونسلوں میں لیگ کو کافی اکثریت دلا دی اور آج انہی ووٹوں کی اکثریت پر لیگ مسلمانوں کی نمائندہ اور سب سے بڑی جماعت ہونے کے بلند بانگ دعاوی کر رہی ہے۔

جناح کا پاکستان

جاہ طلب، آرام پسند اور عافیت کوش لیگی سرمایہ دار لیڈر اگرچہ اپنے اس "پاکستان" کی حقیقت خوب سمجھتے ہیں کہ یہ کرسیوں، ممبریوں، وزارتوں اور تنکم سامانیوں کے رونے کے سوا اور کچھ بھی نہیں لیکن پھر بھی عوام کو بدستور بیوقوف بنا رہے ہیں کہ "پاکستان میں اسلامی حکومت ہوگی" "قرآنی جمہوریت ہوگی" "شریعتِ محمدی کا عمل ہوگا" حالانکہ خود ان کے پیر و مرشد ان واضح الفاظ میں اپنے "پاکستان" کی وضاحت کر چکے ہیں۔ ملاحظہ ہو لیگ کا سرکاری آرگن "ڈان" مورخہ ۹ ستمبر ۱۹۴۵ء:۔

"مسٹر جناح نے ہمیشہ کہا ہے کہ پاکستان کوئی دینی و مذہبی حکومت ہرگز نہ ہوگی، بلکہ خالصتاً ایک دُنیوی حکومت ہوگی اور مسلمانوں کے "حکومتِ الٰہیہ" اور "غلبۂ اسلام" کے نعرے سے اس کا کوئی تعلق نہ ہوگا۔ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان کو عالمگیر اسلامی قومیت یا "قومیتِ اسلامیہ" پان اسلامزم" سے کوئی دور کا بھی واسطہ ہے مسٹر جناح کو ہرگز ان سے اتفاق نہیں ہے۔"

حیرانی تو یہ ہے کہ دینِ اسلام سے قطعاً عاری یہ لوگ "اسلام" کے مقدس نام پر بھی مسلمانوں کو بے وقوف بنا رہے ہیں اور خفتہ بخت قوم کی بدنصیبی دیکھیے کہ پھر بھی کچھ نہیں سمجھتی۔

صحیح پاکستان کا بنیادی تخیل

خلافتِ الٰہی اور حکومت روزِ اوّل سے مسلمان کا حق رہا ہے، نہ صرف چند صوبوں بلکہ تمام دُنیا کو ایک عادل اور امن پرور اسلامی حکومت کے تحت لانا اور نورِ الٰہی کو دُنیا کے ہر گوشہ میں پھیلانا مسلمان کا ابدی شیوہ رہا ہے۔ اس عالمگیر اور رفیع المرتبت نصب العین کے بعد "پاکستان" ایک ثانوی چیز بن کر رہ جاتا ہے ـــــ تاہم جہاں تک اندازہ لگایا گیا ہے "پاکستان" کانگرس کے ہندو پرور رویّہ اور مُسلم کش پالیسی کا ردِ عمل ہے۔ "یہ تخیل کہ ہندوستان میں مُسلمان اپنے لئے ایک علیحدہ حکومت قائم کرلیں۔ اصل میں مولانا محمد علی مرحوم کے فکرِ بلند کا رہینِ منت ہے، گول میز کانفرنس کے بعد مولانا ئے مرحوم نے جو آخری چٹھی ہندوستانی مُسلمانوں کے نام لکھی، اس کے الفاظ یہ تھے:۔

"اب اکثریت اور اقلیت کے سوال کا اس کے سوا کوئی حل نہیں کہ مسلم اکثریت کے صوبوں میں خود مختار حکومتیں قائم کی جائیں تاکہ ہندو اکثریت کے بالمقابل توازن برقرار رہ سکے۔"

"پاکستان" یا "غلبۂ اسلام"

خاکسار تحریک بے غرض اور اللہ والے نفوس کی ایک ایسی جماعت ہے جس نے آج تک جو کچھ کیا محض خوشنودیٔ خدا کی خاطر، جو کہا بغیر لگی لپٹے کہا، چنانچہ اب بھی ہمارا یہ فیصلہ ہے کہ اگر پاکستان وہی ہے جس کی تشریح جناح صاحب فرما چکے ہیں، یا جو لیگ نے آج تک اپنے عمل سے ثابت کیا ہے، یا محض کرسیوں اور سیٹوں تک محدود ہے تو ہم ایسے پاکستان سے بیزار! ——— لیکن اگر پاکستان صحیح معنوں میں اسلامی اور قرآنی اصولوں پر چلنے یا چلانے کا نام ہے تو خاکسار اسی غرض کے لئے ہی تو لڑ رہا ہے ——— روزِ اوّل سے تحریک کے اصول ایسے جامع اور واضح رہے ہیں جن کے آگے ہزاروں دنیاوی پاکستان محض مجذوب کی بڑ نظر آتے ہیں ——— خاکسار چند صوبوں کی حدود میں گرفتار نہیں بلکہ بقول

"مومن کی یہ پہچان کہ گم اس میں ہیں آفاق"

ہم تمام روئے زمین پر اسلامی پرچم کو لہرا دینا چاہتے ہیں۔ لیگ کے پاکستان سے کئی برس پہلے خاکسار تحریک حسب ذیل اصول اور نکات ملتِ اسلامیہ کے سامنے پیش کر چکی ہے:۔

——— روئے زمین کی بادشاہت اور اسلام کا اجتماعی غلبہ پیش نظر رہے۔

——— ہم خاکسار نسل انسانی کے تمام فرقہ وارانہ جذبات اور مذہبی تعصبات کو

اپنے نیک اور نفع رساں عمل سے کُل کرۂ زمین مذہب کو برقرار رکھ کر ایک مساوی، غیر متعصبانہ، رواداراُنہ مگر غالب نظام پیدا کرنے کے دَرپے ہیں۔ جس میں سب اقوام سے بھلا سلوک اور ان کی پرورش ہو۔ جس کی بنیاد نیکی، حُسنِ عمل اور عدل پر ہو۔

— خاکسار سپاہی ہر قوم (ہندو، مسلم، سکھ، عیسائی، یہودی، اچھوت وغیرہ) کے مذہبی اور معاشرتی جذبات کے احترام، اس کے مخصوص تمدن، کلچر اور روایات کے قیام اور عام رواداری کیلئے کھڑا ہے اور اس طریقِ عمل کو ہندوستان میں اسلامی سلطنت کے ایک ہزار سال تک قائم رہنے کا راز یقین کرتا ہے۔" ہر خاکسار سپاہی کو حکم ہے کہ :-

— "کسی مسلمان کے خلاف نہ ہو"

— "مجاہدانہ اور سپاہیانہ قابلیتیں پیدا کرے۔"

— "اللہ اور اسلام کی راہ میں ہر وقت اپنا جان و مال حتیٰ کہ فرزند و زن قربان کرنے کی صلاحیت پیدا کرے۔"

— "خدا کے سوا کسی طاقت سے خوف نہ کھائے۔"

— "ہر مسلمان کو ایک لڑی میں پروئے جانے کی ہر موقعہ پر تبلیغ کرتا رہے۔"

کیا ایسے واضح اور مقدس اصولوں کی موجودگی میں کوئی صاحبِ عقل و فہم یہ کہنے کی جرأت کر سکتا ہے کہ خاکسار "پاکستان" نہیں چاہتے یا وہ اسلامی اتحاد کے راستہ میں روکاوٹ ہیں۔ قطعاً نہیں۔

"اکثریت یا خون" کا نیا فارمولا

اگرچہ خاکسار تحریک کے مندرجہ بالا نکات و اصول اور اسلام کے اجتماعی

کا عظیم المرتبت نصب العین ایسی چیزیں ہیں جن پر ہزار ہزار "پاکستان" قربان کئے جاسکتے ہیں۔ لیکن ان سے بھی زیادہ واضح الفاظ میں اگر آپ "پاکستان" اور "خاکسار" کے رابطۂ استوار کو دیکھنا چاہتے ہیں تو مندرجہ ذیل عبارات سے آپ پر پوری طرح واضح ہو جائے گا۔ کہ مولانا محمد علی مرحوم کے بعد ہندوستان کی آزادی اور صحیح "پاکستان" اگر کسی نے حقیقی معنوں میں اپنایا تو وہ صرف اور صرف خاکسار اعظم علامہ مشرقی ہی تھے چنانچہ پاکستان کی قرارداد لاہور سے ایک سال پہلے ہی علامہ صاحب نے پاکستان کی بنیاد رکھتے ہوئے فرمایا:۔

"مسلمانوں نے پچھلے دو سو برس میں ہندوستان کی حفاظت کیلئے کم و بیش ۴۲ لڑائیاں لڑیں اور ادارہ علیہ کا ریکارڈ بلکہ حسابی اندازہ ہے کہ ان جنگوں اور مابعد کے فسادوں میں تین کروڑ باسٹھ لاکھ مسلمان مردوں اور عورتوں نے اپنا خون دیا۔ اسی مدت میں غیر مسلم زیادہ سے زیادہ صرف دس لاکھ بیس ہزار میدان میں آئے جس میں ہندوؤں کے علاوہ باقی تمام قومیں بھی شامل تھیں۔ یہ نسبت آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے ۱۲۵ مسلمانوں کے بالمقابل صرف ایک غیر مسلم کی ہے اور ظاہر ہے کہ اس نسبت کے بعد جو ہمیشہ کے برابر رہے ہے۔ مسلمانوں کے سوا کوئی قوم ہندوستان پر حکومت کا دعوٰے نہیں کر سکتی۔"

اکثریت کی حکومت کے لایعنی تخیل کو سراسر غلط اور حماقت قرار دیتے ہوئے اور بادشاہت اور "خون" کو لازم و ملزوم قرار دیتے ہوئے آگے چل کر یہ خاک نشین رہنما رقمطراز ہے کہ

"خود انگریزوں کی تعداد تمام جزائر برطانیہ میں صرف چار کروڑ

کشتہ لاکھ ہے اور اس تین سو چالیس برس میں کہ انگریزوں نے ہندوستان میں پہلا قدم رکھا۔ انہوں نے ہندوستان کو فتح کرنے کے لئے ۵۵ لاکھ انگریز قتل کرائے۔ انگریز آج صرف اسی تعداد (۵۵ لاکھ مقتولوں) کی بناء پر ہندوستان پر حکومت کر رہا ہے۔ اگر وہ ہندوستان کو ووٹوں کی حکومت ہی دینا چاہتا ہے تو پہلے اپنے ووٹ کیوں نہیں گنتا؟"

کانگرس کے متعلق علامہ صاحب کا زاویہ نظر

آج جو لوگ اس امر کا غلط پروپیگنڈہ کرتے نہیں تھکتے کہ خاکسار در پردہ کانگرس کی شہ پر اس وقت مسلم لیگ کی مخالفت کر رہے ہیں اور پاکستان کے حصول کے لئے مدد نہیں کرتے۔ انہیں چاہیئے کہ آنکھیں کھول کر ان الفاظ کو پڑھیں اور ان پر ٹھنڈے دل سے غور کریں۔ خاکسار اعظم فرماتے ہیں کہ

"کم و بیش پچھلے چند سال کی کانگرسی وزارتوں کے تلخ تجربہ نے تمام رعیت پر یہ ثابت کر دیا ہے کہ انگریز بطور حاکم (ہندو سے) بہت زیادہ بہتر ہے۔ مسلمان اگر قطعاً نیست و نابود ہونے سے بچنا چاہتے ہیں تو ان کو اب فیصلہ کر لینا چاہیئے کہ وہ ہرگز اکثریت کے غلام کسی قیمت پر نہ ہوں گے۔ ہمیں انگریزوں پر یہ ثابت کر دینا چاہیئے کہ ہم مسلمان ہی صحیح معنوں میں ہندوستان کے محافظ ہیں اور کسی قرآنی خون کی بناء پر باقی سب کو چھوڑ کر ہمارا قدرتی بلکہ موروثی حق ہے کہ ہندوستان کی عنانِ حکومت صرف ہمارے ہاتھ میں ہو۔ دنیا کی تمام تاریخ میں خون اور حکومت ہمیشہ ساتھ ساتھ رہے ہیں۔"

آگے چل کر اکثریت کی حکومت کسی صورت میں بھی قبول نہ کرنے پر زور دیتے ہوئے علامہ محترم رقم پذیر ہیں کہ

"میں خوش ہوں کہ معرکۂ لکھنؤ (۱۹۳۶ء) نے مسلمانوں کے سامنے ایک نیا نصب العین پیش کر دیا ہے، جسے وہ قرنوں سے بھول چکا تھا، جسے ہمارے سیاسی لیڈر انگریزی سلطنت کی سطوت کے رعب میں فراموش کر چکے تھے، وہ نصب العین یہ ہے کہ مسلمان کو اکثریت کی حکومت کسی قیمت پر منظور نہیں۔ حکومت ابتدائے آفرینش سے اسی قوم کی رہی جس نے خون بہایا۔ خود انگریز اگر آج ہندوستان پر حکومت کر رہے ہے تو اپنی اکثریت کے زور پر نہیں بلکہ اس قربانیٔ جان کے عوض جو اس نے پچھلے تین سو چالیس سال میں ہندوستان کے لئے دی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ مسلمان آئندہ چند برس میں اس نصب العین کو سامنے رکھ کر تمام ہندوستان کی غلط سیاست کا جس کی بنیاد اکثریت کی حکومت پر ہو تختہ الٹ دیں۔"

لیگ کے پاکستان ریزولیوشن سے پہلے ادارۂ علیہ کا اعلان

۱۶ اکتوبر ۱۹۳۳ء کو اس امر کو پوری طرح محسوس کرتے ہوئے کہ ہندو اکثریت مسلمانوں کیساتھ کبھی بھی انصاف سے پیش نہیں آئی اور نہ آئندہ ہندو کانگرس سے انصاف کی توقع ہے، ادارۂ علیہ ہندیہ نے اپنے سنسنی خیز اعلان میں ٹھیک اسی چیز کو پیش کیا، جس کو آج مسٹر جناح چھ سال کے بعد پیش کر رہے ہیں، اعلان حسب ذیل تھا:-

"ادارۂ علیہ ہندیہ بانی تحریک کے اس اعلان پر ہندوستان

کی تمام سیاسی اور غیر سیاسی اسلامی انجمنوں کو دعوت دیتا ہے۔
کہ وہ مسلمانوں کے بچہ بچہ کے سپاہی بن جانے پر انتہائی زور دیں۔
خاکسار تحریک ہندوستان میں کم از کم پچاس لاکھ سپاہی قواعد دان
اور منتظم کرنا چاہتی ہے۔ تاکہ اقل قلیل مدت میں بلکہ ۱۹۴۰ء کے آخر
تک ہی اس سوال کو موثر طور پر اٹھایا جائے کہ آیا ہندوستان
میں حکومت کا معیار اکثریت پر ہے یا خون پر؟ —— یاد رکھو!
اگر تم نے اپنی قرون اولیٰ کی سپاہیانہ طاقت پھر پیدا کر لی تو
تمام مخالف طاقتیں تمہارے حسن کو دیکھ کر تمہاری بلائیں لیں گی اور
تمہارے سامنے جھک کر رہیں گی۔"

خدا تمہارے ساتھ ہو!

ادارہ علیہ ہندیہ

لیگ اور خاکسار کے لائحہ عمل میں فرق

اب جبکہ یہ امر قطعی طور پر طے ہو چکا ہے کہ خاکسار حصولِ پاکستان میں مسلم لیگ سے کسی طرح بھی پیچھے نہیں۔ بلکہ اس کے "غلبۂ اسلام" کے عالی مرتبت نصب العین میں "پاکستان" کے ہزار در ہزار تخیل موجود ہیں تو پھر ان دونوں جماعتوں کے درمیان کیا فرق باقی رہ جاتا ہے؟

اس کے متعلق میں اتنا عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اگر ان دونوں جماعتوں کے

سنہ ۱۹۴۰ء میں ہی آخر ادارہ علیہ کے ٹھیک اندازہ کے مطابق اور خاکسار تحریک کی کوششوں سے اٹھائی گئی بنیادوں پر "لیگ" نے پاکستان کا آغاز کیا۔

لائحہ عمل میں فرق یا مُوٹد ضا ہو تو پہلے ان دونوں جماعتوں کی بناوٹ (ہیئت ترکیبی) دونوں کے ارکان، دونوں کے اصولوں وغیرہ کا مقابلہ و موازنہ کرنا ہوگا۔ پھر آپ پر یہ امر بخوبی واضح ہو جائے گا کہ واقعی اس فرق کا ہونا لازمی و لابدی ہے۔

مسلم لیگ روزِ اول سے سرکار پرست عناصر، بڑے بڑے زمینداروں، خان بہادروں اور نوابوں کی ایک جماعت چلی آرہی ہے اور آج بھی اسی لعنت میں بدستور غرق ہے۔ لیگ کی ورکنگ کمیٹی کے ارکان کی فہرست دیکھیے۔ ایک ایک رکن کا موازنہ کیجیے ۔۔۔ سب سرمایہ دار، ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے اور ایک ہی خیال کے لوگ ہیں ۔۔۔ پھر تعجب بالائے تعجب یہ کہ ایک طرف اکثریت یا ووٹ شماری پر قائم کی گئی (ہندو اکثریت کی) حکومت کو ماننے سے انکار کیا جاتا ہے اور دوسری طرف، خود زیادہ ووٹوں کی بنا پر ہی اپنی بڑائی کا ڈھنڈورہ پیٹا جاتا ہے ۔۔۔ اور ۹۰ ؍ کامیابی پر فخر کرتے ہوئے ہر جائز و ناجائز طریقہ سے وزارتوں اور کرسیوں تک پہنچنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

دراصل کانگرس اور لیگ (بناوٹ اور مقصد کے لحاظ سے) ایک ہی لعنت میں گرفتار ہیں۔ کانگرس ہندو سرمایہ داروں، اونچی جاتیوں کے چودھریوں، ٹاٹاؤں اور برلاؤں سے مرکب ہے اور لیگ بھی ایسے ہی مسلمان سرمایہ داروں کا ایک خود غرض نہ اجتماع ہے، دونوں کا مقصد کرسیوں، عہدوں، وزارتوں، جیب بھرنے اور فروغ تجارت کے سوا کچھ نہیں ۔۔۔ کانگرس نے ہمیشہ "آزادیٔ ہند" کے نعرے لگائے، ہزاروں آدمی جیلوں میں بھجوائے، سینکڑوں ناحق مروائے، ملک میں بارہا فسادات برپا کئے لیکن جب بھی وقت آیا کانگرس خوشی سے انگریز کی گود میں جا پہنچی۔ غور کیجیے کہ ۱۹۲۱ء کی

جدوجہد اور "Quit India" (ہندوستان چھوڑ دو) کے نعروں کے بعد آج کانگرس کا کسی انگریز کے سایہ میں ایک لایعنی اور برائے نام حکومت قبول کر لینا کتنا شرمناک اور مضحکہ انگیز ہے، کتنا اپنے دعووں کو آپ جھٹلانے کا باعث ہے اور کس درجہ پست ذہنیت کا آئینہ دار ہے۔

لیگ بھی ہمیشہ دبی زبان میں انگریزوں سے مطالبات ہی کرتی چلی آئی۔ ہر کانفرنس میں درجنوں ریزولیوشن پاس ہوئے۔ لیکن ان کا فائدہ؟ — قوم کس منزل پر پہنچی؟ — قومی قوت و تنظیم میں کہاں تک اضافہ ہوا؟ — یہ اخباروں کے مبالغہ انگیز صفحات پر نہ دیکھئے بلکہ اپنے دل سے پوچھئے کہ مسلمان پہلے کی نسبت ترقی پذیر ہے یا روبہ تنزل؟ — کہاں "پاکستان" یعنی اسلامی اور قرآنی حکومت اور خلافت ارضی کا عظیم الشان نصب العین اور کہاں انگریز کی حقیر اور ذلیل کرسیاں؟؟! — ۱۹۴۰ء کے بعد کے تمام جوش و خروش، ۱۹۴۲ء میں کانگرس کے خلاف لیگ کے نعرے، فوجی بھرتی میں امداد، کرپس کی آمد، شملہ کانفرنس، موجودہ انتخابات، لیگی وزارتوں کی سندھ، سرحد، بنگال اور آسام میں ناکامی — تمام واقعات پر گہری نظر ڈالتے ہوئے آگے بڑھئے، جہاں پر لیگ اپنے آخری حربہ "ڈائرکٹ ایکشن" پر اتر آئی ہے۔ "جہاد اور قتال" کے نعروں کو پھر دہرایا جانے لگا ہے۔ خود قائد اعظم کا ارشاد ہوتا ہے۔ "سب سے پہلے میں گولی کھاؤں گا۔" لیاقت علی خاں کہتے ہیں "میں سب کچھ لٹا دوں گا۔" یوسف ہارون فرماتے ہیں "میں خود روس، سلطان ترکی کے پاس وفد لے جا کر انگریزوں کے مظالم اُس سے بیان کروں گا۔" غرضیکہ مسلم لیگ اپنے زعم میں اب اپنی انتہائی منزل میں گامزن ہے، لوگوں کو "اُلّو" بنا کر انہیں بجائے انگریز کے

ہندوؤں کے خلاف اُگلا جا رہا ہے، سیاسی چالبازیوں کو "جہاد فی سبیل اللہ" کا نام دیا جاتا ہے۔ لیکن لیگ کے "قائدین کرام" کا عمل ملاحظہ ہو کہ اب بھی یہ جاہ پسند اور عافیت کوش لوگ اسی فکر میں ہیں کہ جیسے بھی ہو کسی طرح پھر انگریز سے سمجھوتہ ہو جائے — کہیں ایسا نہ ہو کہ ساری عمر کی بنائی ہوئی بگڑ جائے — کہیں انگریز کی جبینِ ناز پر بل نہ آ جائے، کہیں کرسیاں اور عہدے ہاتھ سے نہ نکل جائیں، کہیں باغیوں اور مجرموں کی صف میں کھڑا نہ ہونا پڑے، کہیں حقیقی میدانِ جہاد میں نہ اترنا پڑے چنانچہ

— کوئی دن خالی نہیں جاتا، جب "امیر المجاہدین" جناح صاحب والسرائے کے آستانۂ عالیہ پر حاضری نہیں دیتے — ایک دو بار ملنا تو سمجھ میں آ سکتا ہے کہ شاید والسرائے کو جنگ کا "آخری انتباہ" دینے گئے ہوں، لیکن "ڈائرکٹ ایکشن" تجویز ہو جانے اور دونوں طرف سے "عام اعلانِ جنگ" کے بعد سات سات آٹھ آٹھ گھنٹوں کی ملاقاتیں "اسلامی شان" ہے یا سودا بازی!

— جب انگریز اور ہندو سے انہیں ساری امیدیں منقطع ہو چکی ہیں تو اب یہ راز و نیاز کیسے! لیکن ہائے رے کرسیوں کا درد! — اسلامی شان تو یہ کہ مخالف کے سامنے تین لفظ "اسلام لاؤ، جزیہ دو یا جنگ کے لئے تیار ہو جاؤ" کہنا ہی کافی ہو لیکن آج مسلمانوں کی پستی اور بے حمیتی کا یہ حال کہ "دس کروڑ کا بے تاج بادشاہ" محض کرسیوں کے حصول کے لئے انگریز کے سامنے گھٹنے ٹیک دے اور "پاکستان و کستان" سب فراموش ہو جائے۔

— دوسرے مجاہد نواب ممدوٹ صدر پنجاب مسلم لیگ شملہ میں سر خضر حیات خان کے ساتھ پے در پے ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ آخر کیوں؟ — محض اس لئے کہ خضر حیات خان کے ساتھ مل کر پنجاب میں ایک ایسی وزارت بن سکے

جہاں لیگ کے "یہ جرنیل اور سالار" بھی چند کرسیاں حاصل کر سکیں گے ـــــ ورنہ خضرِ حیات تو وہی ہیں جنہیں تم غدّار، دشمنِ اسلام، ٹوڈی، میر جعفر اور خدا جانے اور کیا کیا کچھ قرار دیتے رہے۔ آج وہ "پکے مسلمان" ہونے لگا ــ شاید اس لئے کہ وہ "حریم پیریں" کے "تازہ حج" کے بعد "صالح العمل" ہو گیا ہو ــ ارے جاہ پسندو! مجاہد تو تمام دُنیا کو پائے حقارت سے ٹھکرا دیا کرتا ہے ـــــ تمہارے آقائے مدینہ کا تو ارشاد ہوتا ہے کہ "اگر میرے ایک ہاتھ پر سورج اور ایک پر چاند بھی لا کر رکھ دیا جائے تو میں اعلائے کلمۃ الحق سے باز نہیں رہ سکتا۔" اور تم ہو کہ اس آخری گھڑی میں لوگوں کو "قیام پاکستان" کا چکمہ دے کر پھر انہی ٹھکرائی ہوئی کرسیوں اور عہدوں کو اپنی منزل قرار دے بیٹھے ہو ـــ!

ـــــ مسٹر یوسف ہارون، وزیر خارجہ رُوس کے پاس انگریزوں کے مظالم کی شکایت کرنے اور رُوس سے مدد طلب کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ـــــ کیوں جی یہ مولوٹاف (رُوسی وزیر خارجہ) کہاں کا "مفتیٔ اعظم" ہے کہ جہاد "کا اذن" ان سے طلب کرنا آپ پر فرض تھا۔ یا رُوس اسلام کا اتنا ہی فریفتہ ہے کہ وہ اپنے ہم مذہب انگریز کے خلاف آپ کی مدد پر رضامند ہو جائیگا؟ وہ تو آج بھی ترکی پر دانت تیز کر رہا ہے اور اسلام کی اس آخری نام لیوا! اور قابلِ ذکر سلطنت کو بھی ختم کرنے پر تُلا ہوا ہے۔ تم آپ اُس سے جا کر کیا لیں گے؟

ـــــ افسوس کہ! سیّدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام تو آگ میں پڑے ہوئے بھی جبرئیل علیہ السلام تک کی مدد لینے سے محض اس لئے انکار کر دیں کہ "مجھے میرا زندہ خدا کافی ہے" ـــــ اور تم ابراہیمؑ کے اتنے ناخلف فرزند کہ عین "میدانِ جہاد" میں بھی تمہاری نظریں انجیلی تو حرف، اور دہریہ بے دین اور

اور منکر خدا روس کی طرف ! حیف صد حیف !

ـــ پھر خبر سنی جاتی ہے کہ بیگم شاہنواز اور مسٹر اصفہانی امریکہ کے سامنے اپنا رونا رونے جا رہے ہیں ـــ ارے دو ان ہمتو ! امریکہ میں کیا رکھا ہے۔ کیا تمہارے لئے تمہارا زندہ خدا کافی نہیں ہے ؟ کیا بیگم شاہنواز ساری عمر لاہور میں رہتے ہوئے حکیم الامت کے اس ایک شعر کو بھی یاد نہ رکھ سکیں کہ

؎ تو ناداں امید غمگساری ہا ز افرنگ است

دل شاہیں نہ سوزد بہر آں مرغے کہ در چنگ است

ـــ سرحدی لیگی اور خصوصاً یہاں کے ایک پیر صاحب آزاد قبائلیوں کو اپنا آلۂ کار بنانے میں دن رات کوشاں ہیں "جہادِ اسلام" کے نام پر ان کو اکسا کر ہندوؤں کے خلاف برد آزما ہونے کیلئے تیار کر رہے ہیں۔ اور اس طرح سے کانگرس پر یہ "پولیٹیکل رعب" کسا جا رہا ہے کہ قبائلی ہمارے ساتھ ہیں۔ لیکن کیا میں لیگ کے ان علمبردارانِ جہاد سے پوچھ سکتا ہوں کہ اللہ کے بندو! ہنوز بڑھے ہوؤں کو بڑھانا کیا معنی ؟ قبائلی تو ساری عمر (اپنی حسب توفیق) جہاد اور قتال ہی میں گزارتے چلے آئے ہیں لیکن آپ نے تو کبھی بھی ان کے شانہ بشانہ ہو کر "جوشِ جہاد" نہ دکھایا۔ آج سے پہلے یہ "دردِ ملت" کبھی آپ کے سینہ میں نہ اٹھا۔ کیا اس وقت قبائلی مجاہد نہ تھے ؟ کیا انگریز اس وقت ان پر گولہ باری نہ کیا کرتے تھے ؟ ـــ لیکن میں پوچھتا ہوں کہ کیا تمہارے ہی ساتھی خان بہادروں نے قبائل کو حکومت کے حلقہ بگوش بنانے میں انگریزوں کی مدد نہیں کی ! ـــ تو اب ان سادہ لوح آزاد بندوں کے خون کو جہاد کے انجکشن سے گرمانے کا فائدہ ؟ وہ تو جس طرح بھی ہوا اپنی نبیڑتے رہے ہیں۔ اب تمہارا امتحان ہے جرأت ہے تو کچھ کر کے دکھاؤ !

غرضیکہ یہ حقیقت پورے طور پر واضح ہو چکی ہے کہ کانگرس اور لیگ دونوں کے مقاصد ایک ہیں۔ دونوں انگریز کے بعد ہندوستان میں سرداروں، خان بہادروں، سرمایہ پرستوں اور اونچی جاتیوں کی حکومت کرنے کے خواب دیکھ رہے ہیں۔ ایک طرف ہندو سرمایہ دار ہیں اور دوسری طرف مسلمان سرمایہ دار۔ ہندو اور مسلم کا سوال صرف اپنی اغراض کے ماتحت اُٹھایا جا رہا ہے ورنہ سب سرمایہ دار ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں سب غریب اور مزدور کا خون چوس رہے ہیں۔ ان سے نہ آج تک کچھ بن پڑا۔ نہ آئندہ ان سے کسی بہتری کی توقع ہے۔ اس لئے غریب اور مزدور عوام جتنی جلدی ان دونوں جماعتوں سے کٹ جائیں۔ اُتنا ہی ملک کے لئے بہتر ہوگا۔

لیگیوں کی فتنہ پسندی

آج بڑے بڑے نوابوں اور سرمایہ داروں، سرکاری ملازمین اور فرعونی کالجوں کی سحر آفریں فضاؤں میں پلے ہوئے نوجوانوں اور دینِ اسلام سے قطعاً بے بہرہ "مغرب زدہ" "جنٹلمینوں" کی یہ جماعت "مسلم لیگ" اپنی خیالی طاقت کے نشہ میں اس حد تک مدہوش ہو چکی ہے کہ دوسرے (غیر لیگی) مسلمانوں پر اس نے عرصۂ حیات تنگ کر رکھا ہے۔ کبھی ان سے قطع تعلق کے فتوے دئیے جاتے ہیں، کبھی انہیں کافر و مشرک گردانا جاتا ہے، اُن کے معزز رہنماؤں کی بر سرِ عام بے عزتی کی جاتی ہے بلکہ قاتلانہ حملوں تک سے دریغ نہیں کیا جاتا۔ ابوالکلام آزاد، حسین احمد مدنی، مولانا احمد سعید، علامہ مشرقی اور دوسرے اکابرینِ ملت پر ان کے بزدلانہ حملوں کا حال تو آپ آئے دن پڑھتے

بلی رہتے ہیں۔ حال ہی میں مولانا مظہر علی اظہر (جو نیم لیگی کہلائے جانے کے مستحق ہیں) نے باغ بیرون دہلی دروازہ کے ایک جلسہ میں تقریر کی۔ جہاں لیگیوں نے اپنی اسی ذہنیت کو بروئے کار لاتے ہوئے جلسہ میں ہلڑ بازی کا مظاہرہ کیا (جس کو خود لیگ کے مستند و مقتدر اخبارات نے چشم دید شہادت کی بناء پر تسلیم بھی کیا) چنانچہ "انقلاب" کے یہ الفاظ تمام حقیقت کو بے نقاب کرنے کیلئے کافی ہیں۔

"ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں کہ جو بھائی آج ہم سے الگ ہیں، انہیں لیگ میں شامل کرنے کی یہ تدبیر (غنڈہ پن) کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکتی ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ اپنے ہر بھائی کی باتوں کو صبر و تحمل کے ساتھ سنے اور اپنے خیالات معقولیت کے ساتھ اس کے سامنے پیش کرے۔

اگر مسٹر جناح نے ۶ر جون والی پوزیشن دوبارہ اختیار کر لی (چنانچہ "انقلاب" کا یہ خدشہ حق بجانب ہی ثابت ہوا) تو ظاہر ہے کہ پاکستان یقینی طور پر ختم ہو جائے گا۔ حالات آئندہ جس نہج پر چلیں گے ان کے لئے پیش نظر رکھتے ہوئے قطعاً امید نہیں کہ مسلمان "پاکستان" کیلئے کوئی سعی و کوشش کر سکیں گے۔ مولانا مظہر علی کے ظاہر کردہ اندیشے کا جواب یہ ہنگامہ نہ تھا (جو لیگیوں نے برپا کیا) بلکہ حقیقی جواب یہ تھا کہ مسلمان مسٹر جناح کو دوبارہ ۶ر جون والی پوزیشن پر نہیں جانے دیں گے۔"

ہماری سمجھ میں یہ بات تو آ سکتی ہے کہ پاکستان کے لئے مجوزہ جد و جہد کا قطعی فیصلہ ہو جائے نیز ہر اسلامی جماعت کا تعاون لیگ کیساتھ بہر حال لازم کیا جائے۔ لیکن اگر "پاکستان"

کے لئے جدوجہد کا معاملہ ہی فی الحال مشتبہ ہے اور وزارتی مشن
کی اسکیم (گروپ بندی) کو قبول کر لینا ہی منظور ہے ، جس میں
پاکستان کے لئے خفیف سی بھی گنجائش نہیں تو دوسروں سے تعاون
کرنے کی اپیل کے کوئی معنی نہیں ہیں ۔ اور شور و ہنگامہ کو دار کا
بنانا تو کسی حالت میں بھی جائز نہیں - آپ پاکستان پر انہیں معانقہ
ملا سکتے ہیں ۔ محض پاکستان کا نام لے کر اور عملاً اس کی مخالفت
کر کے ساتھ چلانے کی کوشش بالکل فضول ہو گی - کیا وہ
لوگ لیگ کا اس لئے ساتھ دیں کہ علی ظہیر اور شفاعت احمد
کی جگہ لیاقت علی اور عبدالرب نشتر ایگزیکٹو کونسل میں جا بیٹھیں -
مسلمانوں کی نیابت صرف ۲۵ % ہے اور پاکستان کے قیام کا
ہر امکان ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے ؟ (انقلاب ۱۰ ستمبر ۴۶ء)
اب قارئین کرام خود ہی اندازہ کریں کہ کیا ایسا اخلاق اور ایسے وطیرہ
رکھتے ہوئے لیگ کسی کامیابی کی منزل تک پہنچ سکتی ہے ؟ اور کیا ان لوگوں
کی رہنمائی ملت المسلمین کیلئے ذرہ بھر بھی فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے ؟ قطعاً نہیں

پاکستان یا قبرستان

یہی خبر ہو کلکتہ بمبئی اور ہندوستان کے سینکڑوں دوسرے مقامات پر حال
ہی ہیں وہ ہندو مسلم فسادات ہوئے جو آج تک دیکھنے سننے میں نہ آئے تھے -
ہندو اور مسلمانوں نے آپس میں ایک دوسرے سے ایسا خطرناک سلوک کیا جو
رہتی دنیا تک ملک کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ بنا رہیگا - ان ہولناک اور
لرزہ خیز فسادات سے یہ بات دو اور دو چار کی طرح واضح ہو گئی ہے کہ یہاں

نہ اکھنڈ ہندوستان بنے گا نہ "پاکستان" البتہ "قبرستان" ضرور بن جائیگا۔
فسادات کے علل و اسباب پر تھوڑا بھی غور کیا جائے۔ یہ امر صاف واضح ہے کہ قصور عوام کا نہیں، عوام خود بُرے نہیں، بلکہ اُن کے سر پر ایسی بے رحم طاقتیں مسلط ہیں، جو اپنی اغراض کے پیش نظر بھائی بھائی کو آپس میں لڑانے میں ہی اپنے قیام کا راز خیال کرتی ہیں۔ وہ تین طاقتیں

انگریز — کانگریس — اور — مسلم لیگ

ہیں۔ انگریز سے تو کوئی گلہ اس لئے نہیں کہ وہ ہمیشہ اپنے امپریل ازم اور سامراج کو قائم رکھنے کے لئے "لڑاؤ اور حکومت کرو" کی پالیسی پر گامزن رہا ہے اور آئندہ بھی اس پالیسی کو ہاتھ سے نہ چھوڑے گا، لیکن ایک طرف کانگریس کا ہندوؤں کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکانا اور خود مرکز میں انگریزوں کے ساتھ مل کر حکومت حاصل کرنا — دوسری طرف لیگ کا صرف "پاکستان پاکستان" کے نعرے لگا کر اور زبانی جمع خرچ پر ہی اکتفا کر کے یہ سمجھنا کہ بس مسلمان بیدار ہو چکے ہیں، ان فسادات کے حقیقی وجوہ ہیں۔

ان فسادات سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو گئی ہے کہ نہ تو "مسلم لیگ" پاکستان چاہتی ہے اور نہ ہی کانگریس آزادی کی طلبگار ہے، بلکہ یہ دونوں جماعتیں صرف یہ چاہتی ہیں کہ انگریز کسی صورت میں بھی یہاں سے نہ جائے۔ اور یہ دونوں پارٹیاں انگریز کی سنگینوں کی حفاظت میں اور انگریزوں سے مل کر اپنا چودھری قائم کر سکیں — چنانچہ کلکتہ کے فساد میں ہندوستان کے سب سے مشہور کانگرسی انتہا پسند اور انقلابی لیڈر سبھاش چندر بوس کے بھائی سرت چندر بوس، وائسرائے کو ٹیلیفون کرتے ہوئے اس سے اپیل کرتے ہیں کہ:-

"لیگ وزارت پر ہمارا اعتماد نہیں۔ مہربانی کر کے تمام اختیارات (انگریز) گورنر کے حوالہ کر دیں اور شہر کی حفاظت کے لئے گورہ فوج کافی تعداد میں بھجوانے کی ہدایت کریں۔"

دوسری طرف فساد بمبئی کے موقعہ پر پراونشل مسلم لیگ کے پریذیڈنٹ اور مسلم لیڈر مسٹر چندریگر گورنر بمبئی سے انتہائی عاجزانہ الفاظ میں درخواست کرتے ہیں:۔

"بمبئی پولیس کانگرس وزارت کی ایماء پر یکطرفہ کاروائی کر رہی ہے۔ مسلمانوں کو بے دریغ اور بے گناہ قتل کیا جا رہا ہے ازراہ کرم پولیس کی جگہ گورہ فوج ہماری مدد کو بھجوائیے۔"

خیال فرمائیے، انگریزوں کو نکالنے "آزاد ہندوستان" اور "پاکستان" قائم کرنے کے بلند بانگ دعوے کرنے والی یہ دونوں جماعتیں بیک وقت تسلیم کر رہی ہیں کہ

"انگریز ہی بہترین حاکم اور انصاف پسند ثالث ہے۔"

انگریزوں پر مکمل اعتماد اور آپس میں فساد کرتے ہوئے اس امر کا ثبوت دیا جا رہا ہے کہ ان دونوں بے عمل جماعتوں کے پاس باتوں کے سوا اور کچھ بھی نہیں ——— ان دونوں جماعتوں سے اپنی حفاظت تک نہیں ہو سکتی —— دونوں باہمی رواداری سے اس قدر عاری ہیں کہ اپنے گھر کے جھگڑے تک نہیں نپٹا سکتیں اور قوم کو الٹا کمزور، بدنام اور رسوا کر رہی ہیں۔

ان حالات میں یہ امر ناگزیر ہو جاتا ہے کہ عوام جتنا جلد ان دونوں جماعتوں سے بیزاری کا اعلان کر دیں گے۔ اتنا ہی ملک کے لئے بہتر ہو گا۔ ——— ان دونوں نام نہاد بڑی جماعتوں کی سیاست قطعی ناکام ہو چکی ہے

اور انگریز کو آج دُنیا کے سامنے یہ کہنے کا موقعہ مل گیا ہے کہ "ہم تو ہندوستان کو آزادی دینے کے لئے تیار ہیں۔ لیکن خود ہندوستانیوں میں حکومت سنبھالنے کی صلاحیت ہی مفقود ہے۔"

مُسلم لیگ کی قلابازیاں

وزارتی وفد کی آمد پر بھی اور بعد میں بھی لیگ کے لیڈر ہمیشہ ایک ہی ضد پر اڑے رہے کہ ہم "پاکستان" کے بغیر کسی شئے پر راضی نہ ہوں گے، کچھ بھی قبول نہ کریں گے اور اگر "پاکستان" نہ دیا گیا تو ...... یہ کر دیں گے، وہ کر دیں گے وغیرہ۔ اُس وقت پاکستان سے اُن کا منشا، و مراد تین چیزیں تھیں:-

(۱) دو مرکز

(۲) دو دستور ساز اسمبلیاں

(۳) پاکستان"

لیکن تمام دُنیا نے دیکھا اور سُنا کہ شملہ کانفرنس میں ۶ جون کو مسٹر جناح نے عبوری حکومت کی پانچ نشستیں، ایک مرکز اور ایک ہی دستور ساز اسمبلی کا بنایا جانا منظور کرلیا۔ بعد میں جب انہوں نے دیکھا کہ مسلم عوام، جنہیں پاکستان کے کچھ اور ہی معنی بتائے گئے تھے، اس فیصلہ کے حق میں نہیں تو لیگ نے ایک اور کروٹ بدلی اور اپنے تمام وعدوں کو بالائے طاق رکھ کر دوبارہ عبوری حکومت میں شامل ہونے سے انکار کر دیا۔

"ڈائریکٹ ایکشن ڈے" اور "یوم ماتم" منائے گئے، "جہاد فی سبیل اللہ" کی تیاریوں کیلئے مسلمانوں کو احکام۔ کئے جانے لگے، کلکتہ، بمبئی اور دوسرے سینکڑوں مقامات پر لاکھوں ہندو مسلمانوں کو ایک دوسرے کے ہاتھوں سے ذبح

کروایا گیا — لیکن اِن جاہ طلب اور عافیت کیش لوگوں کے دلوں میں اُس وقت بھی رہ رہ کر ایک ہی مروڑ اُٹھ رہا تھا کہ جس طرح بھی ہو عہدے کُرسیاں اور دُنیاوی جاہ و جلال کے سامان حاصل کر سکیں۔ ایک طرف تو عوام کو بھڑکایا اور بیوقوف بنایا جاتا رہا دوسری طرف در پردہ انگریز سے مل بیٹھنے اور گورے آقا کو خوش کرنے کی چالیں چلی جاتی رہیں، بھانپنے والوں نے بھانپ لیا کہ دال میں کچھ کالا کالا ضرور ہے چنانچہ مشہور لیگی اخبار "انقلاب" نے ڈائرکٹ ایکشن ہی کے دنوں ۱۸ ستمبر کو اپنے اداریہ میں لکھا کہ

"بہرحال ہمیں مسٹر جناح کی (وائسرائے سے) گفتگو کا انتظار کرنا چاہیے۔ اب تک یقین ہے کہ مسٹر جناح ۶ جون والی پوزیشن (پیریٹی کرسیاں اور ایک مرکز) دوبارہ قبول نہیں کریں گے — خدا جانے پہلی غلطی کن حالات اور کن تصورات کے ماتحت ہوئی لیکن اگر خدانخواستہ اس غلطی کا اعادہ ہوا تو یہ مسلمانوں کے عزیز ترین قومی نصب العین (پاکستان) پر ایک ایسی ضرب ہوگی کہ شاید قوم پچاس برس میں بھی نہ سنبھل سکے گی"

ہندوستان بھر میں گھر گھر فتنہ و فساد کی آگ بھڑکانے اور ہزاروں لوگوں کو خاک و خون میں تڑپانے کے بعد بھی مسٹر جناح اور اُن کے محترم ساتھی اسی بات پر اڑے رہے کہ "بٹ کے رہیگا ہندوستان" اور "لے کے رہیں گے پاکستان"۔

پنڈت نہرو کی قیادت میں جمہوری حکومت بنی اور اس نے اپنا کام شروع کر دیا، وائسرائے نے اتمام حجت کے طور پر اپنی نشری تقریر میں لیگ کو ایک دفعہ پھر دعوت دی کہ وہ جمہوری حکومت میں اب بھی شامل ہو سکتی ہے

بنے، لیکن لیگی حضرات بدستور اکڑے رہے اور اپنے عالی شان بنگلوں اور کوٹھیوں میں بیٹھے ہوئے مفلس و قلاش ہندوستان کے فسادات میں قتل ہونے کا تماشا دیکھتے رہے ـــــ یہ سب کچھ ہوتا رہا۔ لیکن دوسری طرف وصالِ انگریز، اور عہدوں کے حصول کی خواہش نے لیگی لیڈروں کو بدستور ماہیٔ بے آب کی طرح بیقرار رکھا۔

پھر وہی پانچ سیٹیں

جب قائد اعظم نے معاملہ بگڑتے دیکھا اور یہ سمجھا کہ واہ جی واہ پنڈت نہرو تو حکومت کریں اور لیگی نواب بیچارے منہ دیکھتے ہی رہ جائیں تو انہوں نے

تھا جو ناخوب بتدریج وہی خوب ہوا
کہ غلامی میں بدل جاتے ہیں قوموں کے ضمیر

کے مصداق پھر اپنی ٹھکرائی ہوئی کرسیوں اور عہدوں کو قبول کرنا منظور کر لیا۔ نواب بھوپال بیچ میں آ نازل ہوئے۔ انہوں نے بھنگی بستی سے وائسرائے لاج تک کے کئی چکر لگائے تاکہ کہیں انگریز مسلمانوں سے روٹھ نہ جائیں۔ ـــ بالآخر اسی آسمان نے دیدۂ حیرت سے دیکھا کہ لاکھوں انسانوں کے قتل عام فسادات اور خونریزیوں کے بعد پھر پھرا کر لیگ پھر وہیں پہ آ رہی جہاں اسے آنا چاہیے تھا اور "پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا" کے مصداق انگریز کے خود تیار کردہ یہ نواب اور سر، خطابات چھوڑنے، ڈائرکٹ ایکشن کی دھمکیاں دینے اور سب کچھ کرنے کے بعد پھر حکومت کی کرسیوں پر جا ڈٹے اور ملک معظم سے وفاداری کا حلف اٹھانے کے بعد انگریزی مشینری کے پرزوں کے طور پر کام کرنے لگے۔

"پاکستان" کہاں گیا؟

اب پوچھنے والا ان سے پوچھے (حضور وہ "خلافت اسلامیہ" والا "پاکستان" کہاں گیا؟ وہ قرآن پاک (جس کے نام پر آپ نے ووٹ لئے تھے) کے اصولوں پر بننے والی حکومت کیا ہوئی؟ محترم قائد اعظم آپ تو کسی فیڈرل یا کنفیڈرل حکومت میں بھی سوائے "پاکستان" کے شامل ہونے پر تیار نہ تھے اب یہ کیا کر رہے ہیں؟ — آپ دو مرکز، دو دستور ساز اسمبلیاں اور "پاکستان" مانگتے تھے، اب ایک ہی مرکز رہا، ایک ہی دستور ساز اسمبلی ہے اور "پاکستان" تو بالکل ندارد! — آخر یہ کیوں؟ — انہیں ٹھکرائی ہوئی کرسیوں کو اب کون سا سرخاب کا پر لگ گیا ہے کہ آپ پھر ان پر اس قدر ریجھ گئے ہیں؟ آخر آپ کو ملا کیا؟ — وہی شفاعت احمد اور علی ظہیر والے نچلے عہدے، وہی غیر اہم پانچ سیٹیں، وہی انگریزی قانون، وہی پنڈت نہرو کی قیادت، کوئی اور کہے تو شاید شکایت ہو خود لیگی اخبار والے یہ الفاظ ہیں

> "قوم اور ملک میں اتنی بڑی کشمکش پیدا کرنے کے بعد نتیجہ اگر یہی ہونا تھا جو آج ہمارے سامنے آیا ہے تو یہ برسوں پیشتر حاصل ہو سکتا تھا اور اس کے لئے کسی بھی کوشش یا کشمکش کی ضرورت ہی نہ تھی۔"
>
> (انقلاب ۲۰ اکتوبر)

عہدوں کے متعلق خود لیگ کا سرکاری اخبار "ڈان" اپنی خفت کو چھپانے کی کوشش کرنے کے باوجود اس امر کا اعتراف کرتا ہے کہ مسلم لیگ کو جو کچھ بھی ملا وہ قطعی نہ ملنے کے برابر تھا۔ چنانچہ وہ اپنی ۲۸ اکتوبر ۱۹۴۶ء کی اشاعت میں لکھتا ہے:-

"اگر صورت حالات کا جائزہ لیجئے اور سیاسی محاذ آرائی کو دیکھا جائے تو یہ صحیح ہے کہ مسلم لیگ کے ساتھ نامنصفانہ سلوک کیا گیا اور اسی طرح کانگرس نے ایک دفعہ پھر وائسرائے کو اپنے پبلک میں کئے ہوئے وعدے سے منحرف ہونے پر مجبور کر دیا۔ لیکن مسلمانوں کے لئے یہ مناسب ہوگا کہ وہ انتظار کریں اور دیکھیں، ہمیں یہ احساس ہے کہ کانگرس اپنے حصہ سے بہت زیادہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئی ہے۔"

کیا ناکامی اور شکست فاش کی اس سے بھی زیادہ واضح مثال اور کچھ ہو سکتی ہے؟

پاکستان کا جنازہ خود لیگ کے کندھوں پر

ہم شروع سے آج تک یہی کہتے آئے ہیں کہ مسٹر جناح اور اُن کی لیگ "پاکستان" کی آڑ میں دراصل اپنے لئے عہدے اور وزارتیں تلاش کر رہی ہے کہ دنیاوی جاہ و جلال کی خواہاں ہے۔ اور اس کے سوا اور کچھ بھی نہیں! ——— چنانچہ الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے "پاکستان" کے نام پر جمہور کے جذبات کو اُبھارا گیا، عوام کو بڑے بڑے خوشنما وعدوں سے بہلایا گیا لیکن آج حالت یہ ہے کہ مسٹر جناح نے تمام وعدوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے غیر مشروط طور پر عبوری حکومت میں شامل ہو کر پانچ وزارتیں حاصل کر کے "پاکستان" کو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دفن کر دیا ہے ——— مسٹر جناح نے پاکستان کے لئے گولی کھانے کے اعلان کئے، ڈائرکٹ ایکشن کا ڈھنڈورا پیٹا ——— لاکھوں ہندو مسلمانوں کو لڑوا کر ملک کو برباد کیا، لیکن یہ سب کچھ فریب ثابت ہوا۔ آج خود مسلمانوں کے اپنی ووٹوں سے اُن کے جذبات اور مرضی کے

خلاف ، آپ اسی کانگرس اور اسی پنڈت نہرو کے زیر قیادت اور اسی "یونین جیک" کی موجودگی میں ملک معظم کی کامل وفاداری کا حلف اٹھا رہے ہیں — کیا اب بھی کوئی مسخرہ یہ کہنے کی جرأت کرے گا کہ "پاکستان بغیر قربانی اور خون کے حاصل ہو سکتا ہے؟

خدائی قانون اور نبوی اخلاق کی ضرورت

اب جبکہ مغربی سیاست کا بُری طرح جنازہ نکل چکا ہے ، انسانی دماغ اپنی نکتہ آفرینیوں میں ناکام ہو چکے ہیں - تمام دُنیا جہنم کا نمونہ بنی ہوئی ہے نام نہاد قومیت (Nationalism) کے ہاتھوں انسانیت (Humanity) کی مٹی پلید ہو رہی ہے ، ملت اسلامیہ کے لئے صرف ایک اور ایک راہِ نجات باقی ہے — وہ راہِ نجات جس کے متعلق مخبر صادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا صاف ارشاد گرامی ہے کہ

"ہر موقعہ پر میری اُمت اُنہیں طریقوں پر چل کر کامیابی حاصل کریگی جن پر چل کر میرے زمانہ کے لوگ بامِ عروج کو پہنچے -"

مسلمانوں کو کسی جباجی سیاست ، انگریزی تعزیرات ، روس کی امداد ، کانگرس سے ملی بھگت یا بین الاقوامی پروپیگنڈہ کی ضرورت نہیں بلکہ اُنہیں اخلاق نبوی ، ضرب حیدری ، سطوت فاروقی اور علقِ صدیقی کی ضرورت ہے ، پاکستان کی صوبائی حدود سے آزاد ہو کر "ہر ملک ملک ماست کو ملک خدائے ماست " کے اعلان کی ضرورت ہے ، تقسیم در تقسیم ہونے کی بجائے ایک عالمگیر اخوت کی ضرورت ہے ، کوٹ ، پتلون اور نکٹائیاں باندھے ہوئے انگریزی خوان سرمایہ داروں کی ضرورت نہیں بلکہ چیتھڑے پہنے ہوئے مجاہدوں

اور قلندروں کی ضرورت ہے، نہیں بلکہ پیٹ پر پتھر باندھے ہوئے اللہ کے نیک بندوں کی ضرورت ہے اور سب سے بڑھ کر

"اللہ کی راہ میں ہنستے کھیلتے جان دینے والے اُن مجاہدوں اور سپاہیوں کی ضرورت ہے جو بارہ برس میں ۳۶ ہزار شہر اور قلعے اپنے زورِ ایمان سے فتح کر سکتے ہوں اور اعلائے کلمۃ الحق کے لئے ہر وقت سربکف ہوں۔"

یاد رکھیں! جلسوں، اسمبلیوں یا قرار دادوں سے قوم کو "ذہنی عیاشی" کے سوا اور کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا — اصل چیز ایمان و ایقان ہے، حوصلہ اور ہمت ہے، جرأت اور عزیمت ہے۔ عمل اور جدوجہد ہے، جو قومیں انہیں اپنا لیتی ہیں زندہ رہتی ہیں اور جو ان سے مالامال نہیں ہوتیں مِٹ جایا کرتی ہیں۔

آج خاکسار تحریک بھی اسی ایک نکتہ کو لے کر اُٹھی ہے اور چاہتی ہے کہ مسلمانوں میں وہ قوت و تنظیم پیدا کی جائے کہ مخالف طاقتیں اُس کے آگے خس و خاشاک کی طرح بہہ جائیں اور "سربسجود ہیں قوت کے سامنے افلاک" کا منشائے اسلامی پورا ہو کر رہے۔

ایک موقعہ پر اپنے نصب العین کی وضاحت میں خاکسار اعظم نے فرمایا تھا کہ "میں چاہتا ہوں کہ تمام مسلمان اللہ کے سچے سپاہی بن جائیں۔ قومی قوت و تنظیم پیدا کر لیں، پھر میں دیکھوں گا کہ مسلمانوں کی بڑائی کیونکر نہیں بنتی؟"

قرونِ اولیٰ کے مسلمان سپاہی بن کر آندھی اور برق بن کر دشمن پر گرے۔ نتیجہ کیا ہوا؟ چند برسوں کے اندر اندر تمام دُنیا اُن کی تھی۔ دین اُن کا تھا، جنت اُن کے لئے تھی، غرضیکہ انہیں سب کچھ حاصل ہو گیا۔

"خاکسار تحریک نے تیرہ سو چالیس برس کے بعد پہلی دفعہ مسلمان کو بتلایا ہے کہ اسوۂ رسول، دینِ اسلام، غرض خدا کا سچا مذہب صرف اور صرف سپاہیانہ زندگی ہے"

روحانیت، نیکی، سچائی اور عشقِ الٰہی ہی اس دنیا سے خود غرضی، مکر و فریب، جنگ و جدال اور سیاہ کاریوں کا خاتمہ کر سکتے ہیں، دنیا کی کوئی سیاست ان برائیوں سے نبرد آزما نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ خاک نشین مشرقی کے یہ الفاظ کہ

"میں ببانگِ دہل اعلان کرتا ہوں کہ ہندوستان پر وہی قوم، وہی گروہ، وہی امت غلبہ حاصل کرے گی، جو سب سے زیادہ خدا اور خدا کے بندوں کی ہوگی، سب سے زیادہ صالح بلکہ اصلح ہوگی سب سے زیادہ خدا کی حامد ہوگی۔ سب سے زیادہ توبہ گذار اور استغفار کرنے والی ہوگی۔"

اپنے اندر ایک ایسی حقیقت رکھتے ہیں جنہیں کوئی فرد بشر جھٹلا نہیں سکتا۔ ہم خاکسار اسی دینِ فطرت کو رواج دینے اٹھے ہیں۔

خاکسار کا پاکستان

خاکسار دل و جان سے "پاکستان" کے قیام کا حامی ہے، لیکن اس کا پاکستان کیا ہے؟ اس کی حکومت کیسی ہوگی؟ اسے حاصل کرنے کا طریق کار کیا ہے؟ وہ لیگ کے پاکستان سے کیوں مختلف ہے؟ ان تمام امور کو سمجھنے کیلئے خاکسار تحریک کا صرف مندرجہ ذیل پہلو نکتہ ہی سمجھ لینا کافی ہے کہ

"ہم خاکسار نسل انسانی کے تمام فرقہ وارانہ جذبات اور مذہبی تعصبات کو اپنے نیک اور انتہائی عمل سے کچل کر ایک مذہب

کو برقرار رکھ کر، ایک مساوی مگر غیر متعصبانہ، رواداریانہ مگر غالب نظام پیدا کرنے کے درپے ہیں جس میں سب اقوام سے یکساں سلوک اور یکساں پرورش ہو۔ جس کی بنیاد نیکی، حسنِ عمل اور عدل پر ہو۔"

اس نکتہ سے مندرجہ ذیل امور صاف طور پر واضح ہو جاتے ہیں:-

(۱) ہماری سیاست ہنگامے کی سیاست نہیں، بلکہ نیکی اور خدمتِ خلق کے ذریعے تالیفِ قلوب مقصود ہے۔ اپنے آپ کو اس قدر صالح العمل بنانا ہے کہ ان الارض یرثھا عبادی الصالحون کے ارشادِ ایزدی کے مطابق خلافتِ ارضی ہمیں انعام کے طور پر مل جائے۔ دوسری قومیں ہمارے نیک عمل کو دیکھ کر خود ہمارے سایۂ عاطفت میں آنے کی خواہش اور آرزو کریں اور اس طرح سے یہ زمین فی الواقعہ جنت نشان اور رشکِ آفرین بن جائے۔

(۲) ہم مذہب کے نام پر ہندو کو مسلمان سے لڑانے یا مسلمانوں کو ہندوؤں کے خلاف بھڑکانا نہیں چاہتے۔ بلکہ ہم تمام دنیا کو اس ایک نکتہ پر لانا چاہتے ہیں کہ تمام مذاہب کی بنیاد نیکی پر ہے۔ اور کوئی مذہب بھی برائی اور فساد کی تعلیم نہیں دیتا۔" اس لئے مسلمان کا سچا مسلمان اور ہندو کا صحیح معنوں میں ہندو بن جانا ہی ہمارے تمام دکھوں کا علاج ہے۔ مغرب کی بے دین سیاست کے باعث نہ تو مسلمان سچا مسلمان رہا ہے اور نہ ہی ہندو پکا ہندو۔

(۳) سیاسی جماعتوں کی نظریں صرف عہدوں اور وزارتوں پر لگی ہوئی ہیں۔ وہ اسی کو اپنا دین و دنیا اور مقصودِ نظر سمجھے بیٹھی ہیں۔ لیکن ہم مذہب کو برقرار رکھ کر دنیا میں ایک ایسا غالب نظام پیدا کرنے کے متمنی ہیں جس سے دنیا پر یہ ثابت ہو جائے کہ واقعی اسلام تمام قوموں کے لئے سرمایۂ نجات ہے اور اس کے پیروکار واقعی رحمۃ للعالمین کے سچے فرمانبردار ہیں۔

۴۔ ہم تمام اقوام کو یقین دلاتے ہیں کہ مسلمان ہمیشہ عادل اور روادار حاکم رہے ہیں۔ تمام قومیں ان ہی کے سایۂ عاطفت میں امن و چین کے دن گذار سکتی ہیں۔ گذشتہ ۱۵ برس میں خاکسار سپاہیوں کی لاکھوں خدمات، ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی کی آڑے وقت میں امداد، اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر دوسروں کو بچانے کی شالوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ خاکسار تحریک ایسے سچے اور نیک بندوں کی جماعت ہے جن کے زیر اثر یہ جہنم مثال دنیا پھر سے جنت نشان بن سکتی ہے۔

(۵) ہم قوم کو ذہنی عیاشیوں، کھوکھلے نعروں، جلسے اور جلوسوں یا اسمبلیوں کی کرسیوں میں الجھانا سخت غلطی تصور کرتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ہر شخص اپنی اصلاح نفس کرے، مجاہد اور سپاہی بن جائے، فولادی عزم و ارادہ پیدا کرلے، اطاعتِ امیر کا جذبہ سینے میں سمالے، تاکہ ملک و قوم پر جب بھی کوئی آڑا وقت آئے کرموڑوں آزمودہ کار اور تیقنوں نیقنوں کے قرآنی فلسفہ کے ماہر مردانِ مجاہد میدان میں اتریں اور دشمن سے نپٹ لیں۔

غرض مختصر الفاظ میں تحریک کا منشاء کے واحد اپنی حفاظت اور اپنے گھر کو اس قدر مضبوط بنانا ہے کہ کسی بیرونی چور یا ڈاکو کا ڈر ہی نہ رہے۔"

یا علامہ تحریک کے الفاظ میں

"ہم خاکسار اس لئے کھڑے ہوئے ہیں کہ مسلمان کو اسی کے مذہب میں داخل کر دیں۔ سب خدا اور محمد کے نام لیواؤں کو اس دین، اسی طریق عمل، اس چال پر چلا دیں، جس پر چل کر ہم کئی سو برس تک بادشاہ رہے، ہماری دنیا درست رہی۔ ہماری

آخرت بالخیر یقینی رہی۔ ہم زمین کے وارث بن کر صالح رہے، ہم جنّت کے حقدار بن کر نیک رہے۔ آج اگر کوئی طاقت ہمارے خلوص کو جانتے ہوئے بھی ہمیں مٹانے کے درپے ہے تو ہم بھی اپنے وجود کی بے پناہ طاقت سے اُسے پاش پاش کر دیں گے۔ ہم ذلت کی اس حالت سے جو آج مسلمانوں پر طاری ہے، آگے نہیں جانے دیں گے یہیں ٹھہر کر پچھلی تمام کرتوتوں کا جائزہ لیں گے۔ لیکن جو قدم آگے بڑھائیں گے، وہ وہی ہوگا جس پر ہمارے محترم نبیؐ، ہمارے نبیؐ کے صحابہ کرامؓ، ہمارے مجاہد آباء و اجداد، ہمارے باپ دادا اور ہمارے فاتح بزرگ آگے بڑھے تھے، جو کئی سو برس تک ان کے چوبیس گھنٹوں کا چلن اور دن رات کا مذہب رہا۔"

خاکسار تحریک کی تعمیری سرگرمیاں

دُنیا شاہد ہے کہ گذشتہ پندرہ برس کے عرصہ میں خاکسار تحریک نے قوم میں بے پناہ تنظیم اور قوت پیدا کر دی ہے، لاکھوں سر بکف جانباز سپاہیوں کی ایسی اسلامی فوج تیار کی ہے، جو آن واحد میں دشمن کے مقابلہ پہ لائی جا سکتی ہے کروڑوں موقعوں پر ہر بندہ مسلمان، سکھ، عیسائی کی بے پناہ خدمات بغیر کسی معاوضہ اور نام و نمود کی خواہش کے انجام دی ہیں، ہندوستان کی مختلف قوموں میں اتحاد اور رواداری کی لہر دوڑا دی ہے، ہر خاکسار اپنا کھاتا ہے، تحریک میں کوئی چندہ نہیں، ہر شخص اپنے آپ کو صالح العمل، فولادی پیکر اور فرمانبردار بنا رہا ہے سپاہی بن کر قومی شان کو بڑھا رہا ہے، نوجوانوں کو صدہا بُرائیوں سے روک کر قومی تعمیر کی طرف متوجہ کیا گیا ہے، نیکیاں اُبل رہی ہیں،

اور برائیاں مٹ رہی ہیں ـــــ غرضیکہ قوم میں ایک نئی زندگی، نیا خون اور
نئی روح پیدا ہو گئی ہے ـــــ سپاہی بن کر ہر شخص کی نظریں "خلافتِ ارضی
اور احیائے اسلام" کے عظیم الشان اور بلند مرتبت نصب العین کی طرف لگ گئی
ہیں۔ وہ بڑی سے بڑی طاقت کے مقابل میں ڈٹ جانے پر تیار رہتا ہے اور
اسی کو مجاہدانہ شان سمجھتا ہے۔

ان لوگوں کے کمینہ اعتراضات کا، جو خاکسار کو حقیر سمجھ کر اس کی تنظیم سے
نفرت کرتے ہیں، جواب دیتے ہوئے ایک موقعہ پر خاکسار اعظم نے فرمایا:۔

"بھائی! یہ درست ہے کہ ہم نالیاں صاف کرنے کے لئے اور لوگوں
کی گٹھڑیاں اٹھانے کیلئے ہیں۔ ہم نے ہر دکھ والے کے دکھ کو اپنا دکھ
سمجھا۔ پندرہ سال سے ہم لوگوں کے چھوٹے چھوٹے بوجھ اٹھاتے
رہے۔ ہم نے قوم سے ایک پائی اپنی خدمت کی مزدوری نہیں لی۔
ہمارے ایک سو اٹھائیس خاکساروں نے اس وقت تک
لوگوں کی خدمات کر کر کے جانیں دیں۔ ۱۴۵ (ایک سو پینتالیس) خاکسار
گولیوں کا شکار ہوئے، اکثروں کو ڈسا گیا، دریاؤں میں تیرے
اور ڈوبے۔ صرف بلند شہر کے واقعہ میں چھ خاکساروں نے
جانیں دیں، اکوڑہ میں جو مظالم ہم پر ٹوٹے ہیں، یاد ہیں۔ لاہور
کی گولیاں ہمارے سینوں پر نقش ہیں، دہلی کا شرخ زار ہمارے
خون سے رنگا ہے، خانیوال کی سرزمین ہمارے سہاگ کے
باعث لالہ زار بنی ہوئی ہے، ناگپور اور پشاور ہمارے زخموں کے
خون سے نہال ہیں، آٹھ خاکساروں نے اس وقت تک کنوؤں میں چھلانگ
مار کر ہندوؤں اور سکھوں کو بچایا اور خود شہید ہو گئے، سینکڑوں

خاکسار آگ بجھاتے ہوئے زخمی ہوئے، لاکھوں لاوارث لاشوں کو ہم نے
باعزت طور پر دفنایا۔ ہم نے چار ہزار بنگالی بنگال سے لاکر
موت کے منہ سے اس وقت تک بچائے جس وقت تک کہ
بنگال کی مسلم لیگ وزارت نے تحریری دھمکی نہ دی کہ اگر زیادہ
بنگالی بنگال سے لاکر بچاؤ گے تو ہم تمہیں قید کر دیں گے، جو تین سو
بنگالی (بھوکے) تمہارے کیمپ میں اس وقت ہیں، واپس کر دو
تاکہ جہاں سے تم انہیں لائے ہو، وہاں واپس بھیج دیے جائیں
اس وقت ہم ان بنگالیوں کو اپنے سے بہتر کھانا دیتے رہے،
اُن کی بیماریوں میں راتیں جاگیں، اپنے تمام آرام اُن کی خاطر قربان
کر دیے۔

۱۴۵
اس وقت تک خاکساروں نے ایک سو پینتالیس سیر خون صرف
خدا کے نام پر اپنے جسموں سے بے دھڑک نکلوا کر ان تین ہزار ایک
سو پچاس سسکتے ہوئے مریضوں کی جانیں بچائیں، جن کے بدنوں
میں اگر چند گھنٹے اور تازہ اور نوجوان خون نہ پہنچایا ہوتا، تو وہ اس
وقت تک اس دُنیا سے چل بسے ہوتے۔

ہاں تو ہم نے ان مہربان دوستوں سے کہا کہ پندرہ سال سے اس خدمت کے
باعث ہم نے ہر دلعزیزی حاصل کی، ہندوستان کے عوام الناس کا گروہ
حتیٰ کہ خود کانگرسی اور مسلم لیگی حضرات میں سے کوئی ایسا نہیں جو ہمیں بُرا
کہے، سب کہتے ہیں کہ اگر ہندوستان میں انسانوں کا کوئی گروہ سچا اور بے لوث
ہے تو وہ یہی خاکسار ہے جو بنی نوع انسان کی خدمت کرتا ہے، اپنا کھاتا
ہے، خدا کا گاتا ہے اور انسان سے مزدوری نہیں لیتا۔"

خاکسار تحریک کی بے پناہ قوّت

خاکسار تحریک نے آج تک اپنے عمل سے ثابت کر دیا ہے کہ وہ کسی سے اُلجھنا نہیں چاہتی لیکن جب بھی کسی طاقت کی طرف سے اُسے نشانۂ ظلم بنایا گیا تو پھر وہ اپنی پوری طاقت سے اُس کے مقابلہ میں ڈٹ گئی۔ سنہ ۱۹۳۷ء میں خاکساروں نے حکومت سرحد کے سخت سے سخت مظالم اپنے آپ پر برداشت کئے۔ سنہ ۱۹۳۹ء میں اکوڑہ کے مقام پر نماز ادا کرتے ہوئے خاکساروں کی ایک جماعت پر سینکڑوں مسلح کانگرسی سرخپوشوں نے حملہ کیا اور اُنہیں مجروح کر کے اُن کی لاشیں دریا میں بہا دیں۔ سنہ ۱۹۳۹ء میں کئی موقعوں پر خاکسار مجاہدوں نے یو پی کی کانگرسی وزارت کی گرمیاں اپنے بیلچوں پہ کھائیں۔ سنہ ۱۹۴۰ء میں پنجاب کی سکندری حکومت نے سینکڑوں بے سروسامان خاکسار سپاہیوں کے قتل سے اپنا دل بہلایا۔ لیکن خاکسار نے ہر ظلم، ہر سختی اور ہر مصیبت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، ہر آفت اپنے سروں پہ اٹھائی لیکن عوام الناس کو کبھی بھی ان میں مبتلا کرنے کی کوشش نہ کی۔

ہم نے کانگرسی غنڈوں کی طرح نہ ریل کی پٹڑیاں اُکھاڑیں، نہ تار کے کھمبے گرائے، نہ سرکاری عمارتیں جلائیں اور نہ ریل گاڑیاں اُلٹائیں۔ بلکہ عین میدانِ مقابلہ میں ہر ظلم کو صبر و شکر کے ساتھ برداشت کیا اور پبلک پر کبھی کوئی آنچ نہ آنے دی۔

ہم نے مسلم لیگی نوابوں کی طرح ہندو مسلم فسادات کی آگ اور بنگال کا قحط پیدا کر کے دُور ہی سے تماشا نہیں دیکھا بلکہ ہر حالت میں خود سینہ سپر ہو گئے۔

سنہ ۱۹۴۰ء میں کرنال کے صرف آٹھ بیلچے خاکساروں کے ایک جیش نے انارکلی لاہور میں پولیس کے آٹھ سو مسلح سپاہیوں کو آٹھ گھنٹہ تک مقابلہ کیا۔ آخر پولیس کو گیس چھوڑتے ہی بن پڑی۔ اندازہ ہے کہ کئی ہزار روپیہ کی گیس صرف

ان آئندہ نتیجے (لیکن تو تب ایڈن سے تھی) خاکسار سپاہیوں کی گرفتاری کے لئے خرچ کرنی پڑی۔

غرضیکہ خاکسار کی سیاست ذاتی اغراض سے پاک ہے۔ اُس کا ہر اقدام صرف اللہ کے لئے ہے۔ وہ بے ہمہ اور باہمہ ہے۔ وہ ہر بُرائی کے خلاف اور نیکی کا حامی ہے۔ وہ اصول کا بندہ ہے اور اس کا دل ہر آن اور ہر حال میں مطمئن ہے۔ ہم بے ایمان مغربی سیاست کے پیروکار نہیں، بلکہ رحمۃ للعالمین کے مسلک کے فرمانبردار ہیں۔

ہندو مسلم اتحاد کی کوششیں

خاکسار تحریک کو یہ حتمی فیصلہ ہے کہ ہندو مسلم اتحاد کے بغیر ملک آزادی کی کسی منزل تک نہیں پہنچ سکتا۔ آپس میں لڑنے والوں کو آزادی تو کیا عزت کی غلامی بھی نہیں مل سکتی۔ آج ملک کی سیاسی جماعتوں کی سب سے بڑی غلطی یہ ہے کہ وہ انگریزوں کی موجودگی ہی میں یہ سمجھ بیٹھی ہیں کہ ہندوستان کو آزادی مل چکی ہے اور اب صرف حصوں پر لڑنا باقی ہے۔ ہندو کہتا ہے کہ میں کچھ بھی دینے کو تیار نہیں اور مسلمان مطالبہ کرتا ہے کہ وہ ہر حالت میں اپنی علیحدہ حکومت بنا کر ہی رہیگا۔ حالانکہ دونوں خالی ہاتھ ہیں۔ اور دونوں کو ابھی تک کچھ بھی نہیں ملا۔

مسٹر سٹیفورڈ کرپس کی آمد سے اس وقت تک خاکسار تحریک نے اپنی پوری طاقت کے ساتھ ہندو مسلم اتحاد کیلئے کوشش کی۔ مارچ ۴۲ء میں اگرچہ قائد تحریک ابھی ویلور کے قلعہ میں ہی مقید تھے، تاہم کرپس کی آمد پر اُنہوں نے ہندوستان کے تمام سیاسی لیڈروں خصوصاً مہاتما گاندھی اور محترم مسٹر جناح

کو سینکڑوں الفاظ کی متعدد تاریں اور کئی کئی صفحات کے طویل خط اس مقصد کے پیش نظر لکھے کہ "خدا را آپس میں مل جائیے! تاکہ ہندوستان کی کشتی کنارے لگ سکے۔"

اسی طرح ملک کی تمام چھوٹی بڑی سیاسی جماعتوں کے لیڈروں اور دوسرے اکابرینِ قوم کو اسی مقصد کے پیش نظر خط لکھتے ہوئے علامہ صاحب نے لکھا کہ:-

"میں چھ ماہ کے اندر اندر برطانوی حکومت سے آزادی حاصل کرنے کی ذمہ داری لیتا ہوں۔ بشرطیکہ کانگرس مسلم لیگ اور ہندو مہا سبھا کوئی متحدہ مطالبہ پیش کریں اور سول آبادی کی حفاظت کے لئے غیر فرقہ وارانہ پارٹیاں منظم کریں۔ میں سوشل سروس کے لئے پانچ لاکھ خاکساروں کی پیشکش کرتا ہوں۔"

لیکن سیاسی پارٹیاں اپنی دھن میں ہی مست تھیں، وہ بھلا خانماں برباد اور جنوں کار مشرقی کی باتیں کیوں سنتیں! —— تمام کوششوں اور اپیلوں کے باوجود ملک کے یہ نام نہاد بڑے بڑے لیڈر سرکریپس کے سامنے کوئی ٹھوس تجویز، معقول اور مدلل متحدہ مطالبہ پیش نہ کر سکے اور "نشستند و گفتند و برخاستند" کے مصداق کھیل ختم ہو کر رہ گیا۔

خاکسار اعظم نے اپنی اسیری کے دوران میں اور بعد میں بھی قائد اعظم جناح اور مسٹر گاندھی پر پورا زور دیا کہ وہ آپس میں ملاقات کر کے کسی نتیجہ پر پہنچیں۔ مسٹر گاندھی ان دنوں نظر بند تھے۔ قائد اعظم نے ایک بیان دیا کہ اگر گاندھی جی مجھے ملاقات کے لئے خط لکھیں تو میں ملنے پر تیار ہوں۔ آپ نے یہ بھی کہا کہ مسٹر گاندھی کے اس خط کو اگر حکومت نے روکا۔ تو

میں ہر طرح سے حکومت کا مطالبہ کروں گا"۔ چنانچہ مسٹر گاندھی نے قائداعظم کو خط لکھا اور وہ خط حکومت نے روک بھی لیا۔ لیکن قائداعظم خون کے گھونٹ پی کر رہ گئے اور ٹس سے مس بھی نہ ہوئے۔ گاندھی جی کی رہائی پر ہندو مسلم اتحاد کرانے کیلئے خاکساروں نے اپنی کوششیں اور بھی تیز کر دیں۔ خدا خدا کر کے یہ دونوں لیڈر بمبئی میں ایک دوسرے سے گفت و شنید پر رضامند ہوگئے۔ قائد تحریک کے اس حکم پر کہ چار ہزار خاکسار فی الفور بمبئی پہنچیں اور ہندو مسلم مجھوتہ کے لئے فضا سازگار کریں۔ خاکسار اپنے جان و مال، بیوی بچوں اور کسب روزگار تک کی پرواہ نہ کرتے ہوئے بمبئی پہنچے۔ ملاقات سے قبل دونوں لیڈروں کے دستخطوں سے ایک مشترکہ بیان شائع ہوا کہ اگر یہ ملاقات بھی ناکام رہی تو یہ سمجھ لیا جائے کہ ہر دونوں کی عقلوں کا دیوالہ نکل چکا ہے" لیکن دنیا نے خوب اچھی طرح دیکھا اور سنا کہ یہ آخری ملاقات بھی کئی دنوں کی گفت و شنید کے بعد فیل ہوئی اور بری طرح فیل ہوئی اور ہندوستان کی آزادی کا مسئلہ پھر کھٹائی میں پڑ گیا۔

خاکسار نے پھر بھی ہمت نہ ہاری اور اپنی طرف سے ہر ممکن کوشش اس امر کے لئے کی کہ یہ دونوں جماعتیں کسی ایک فیصلہ پر پہنچ کر ملک کی سرفرازی کے سامان کریں لیکن بے سود۔ خداوندگان اغراض نے نہ ماننا تھا نہ مانے۔

"خاکسار آئین"

انگریزی حکومت شروع سے یہ کہکر ہندوستان کی آزادی کو ٹالتی آئی ہے کہ اگر ملک کی تمام جماعتیں کسی ایک آئین اور مطالبہ پر متفق و متحد ہو جائیں تب وہ "آزادی" دینے پر تیار ہے ـــــ خاکسار تحریک اور اس کے محبوب

قائد نے تین چار سال تک گاندھی جناح سمجھوتہ یا بالفاظ دیگر ہندو مسلم اتحاد کی اَن تھک کوششیں کیں، لیکن اس کے باوجود جب تو دغرض لیڈروں کی وجہ سے اتحاد کی بیل منڈھے نہ چڑھ سکی اور ہندوستان کے بُرے دن اُسی طرح رہے تو خاکسار اعظم اور اُن کے ساتھیوں نے مسلسل ڈیڑھ سال کی دن رات کی کوششوں اور عرق ریزیوں سے ایک ایسا مشترکہ آئین تیار کیا، جو "مشرقی آئین" یا "خاکسار آئین" کے نام سے مشہور ہے ـــ اس آئین میں ہندوستان کیلئے ایک مکمل دستور حکومت واضح کیا گیا ہے، جس میں ہر ہندوستانی کو اُس کے پورے حقوق حاصل ہوں گے۔ اس شوکت آفرین آئین کی بنیادیں عوام کی مشترکہ ضروریات یعنی اچھی خوراک، اچھے لباس، اچھی رہائش، عمدہ صحت، بہتر تعلیم اور فائدہ بخش تربیت پر رکھی گئی ہیں ـــ ظاہر ہے کہ روٹی کا مسئلہ ہی ایک ایسا مسئلہ ہے، جس پر ہندوستان کی تمام قومیں متحد ہو سکتی ہیں، ہر قوم اسی وقت ترقی کر سکتی ہے جب اس کے افراد کو پیٹ کے دھندوں سے پوری طرح فراغت حاصل ہو۔ قومی صحت اور دولت ترقی پر ہو۔ ملک کی پیداوار اور ذرائع آمدنی محفوظ ہاتھوں میں ہوں ـــ ہر محنت کش کو اُس کی محنت کی زیادہ سے زیادہ مزدوری ملے ـــ بھوک، ننگ، افلاس اور عریانی کا خاتمہ ہو، بیماریوں، بدکاریوں اور بدمعاشیوں کو موت نصیب ہو ـــ چنانچہ اس آئین میں ہر شخص کو زیادہ سے زیادہ شہری حقوق دئے گئے ہیں، ہر قوم کی روایات، مذہب، کلچر (تمدن) کی پوری پوری حفاظت کی گارنٹی ہے ـــ غرضیکہ اس آئین کے نفاذ سے ہندوستان پھر سے جنت نشان بن سکتا ہے ـــ روٹی کے بعد انسانی زندگی کی سب سے اہم ضرورت مذہب ہے، چنانچہ مذہب کے متعلق خاکسار آئین میں ہر شخص کو مکمل آزادی دی

گئی ہے۔ اس آئین کی رو سے مسلمانوں پر قرآن حکیم کے احکام کے مطابق اور ہندوؤں پر منوسمرتی اور ویدوں کے فرمانوں کے تحت حکومت ہوگی۔ ہر عدالت میں انہی کے مذہبی قانون کے مطابق مقدموں کے فیصلے ہوں گے۔ ہر قوم کے بوڑھوں، بیواؤں اور محتاجوں کو حکومت کی طرف سے وظیفے دیے جائیں گے۔ بچوں کی تعلیم مفت ہوگی۔ ہر کام کرنے والے کو لازماً آسائش ملے گی۔ ہندوستان کی اپنی قومی فوج ہوگی۔ آٹھ رنگ کا پرچم (ہندوستان میں بسنے والی آٹھ قوموں کے نشان کے طور پر) ملک پر لہرائے گا۔ مسلم اکثریت کے صوبوں میں مسلمان اور ہندو اکثریت کے صوبوں میں ہندو گورنر ہوں گے۔ مرکز میں صدر اعظم تین سال کیلئے مسلمان اور تین سال کے لئے ہندو ہوگا۔ صوبوں کے گورنر غیر سیاسی ہوں گے اور آزاد انڈین سول سروس کے نیک عمل افراد میں سے چنے جائیں گے تاکہ ہر شخص کے ساتھ مساوی سلوک ہو۔ روپیہ کا معیار گندم ہوگا۔ ہندوستان کی خام پیداوار کی برآمد ممنوع ہوگی۔۔۔ غرضیکہ "آئین مشرقی" ہی ایک ایسا دستور العمل ہے جس پر چل کر ہندوستان میں بسنے والے پھر آزادی اور تعاون کے دن دیکھ سکیں گے۔ اسی آئین سے ہندو کو رام راج، مسلمان کو "پاکستان" اور سکھ کو خالصہ سٹیٹ حاصل ہو سکیگی۔

مسٹر جناح کو تعاون کی پیشکش

اپنی ایام اسیری سے لیکر اس وقت تک علامہ مشرقی نے ہر مرحلہ پر قائد اعظم جناح اور مہاتما گاندھی کو پے در پے خطوط لکھے۔ تاریں دیں۔ ملاقات کی عاجزانہ درخواستیں کیں۔ اپنی تحریک کی طرف سے تعاون کا پورا پورا یقین دلایا لیکن اونچی ہواؤں میں اڑنے والے ان لیڈروں نے ان کی بات کی

طرف بھی کبھی توجہ نہ دی - عجیب بات تو یہ ہے کہ مسٹر جناح اچھوتوں اور چوہڑوں تک کو اپنے ساتھ ملانے کے لئے زمین و آسمان ایک کر دیتے ہیں - لیکن لاکھوں مسلمانوں کے اس محبوب رہنما کی ہر مخلصانہ درخواست کو، ان نخوت و حقارت سے ٹھکرا دیا جاتا ہے اور اس کے باوجود علامہ محترم کی پیشانی پر کبھی بل نہیں آیا، وہ کبھی مایوس نہ ہوئے، چنانچہ آج تک وہ لیگ کو اپنا تعاون بدستور پیش کرتے رہے۔

اواخر مئی میں علامہ صاحب نے ایک اخباری بیان میں فرمایا:-

"میں سمجھتا ہوں کہ خاکسار تحریک اس لئے پیدا ہوئی ہے کہ ہر حالت اور ہر رنگ میں اس کو ملک، قوم اور اُمت کی بہتری کے لئے مفید طور پر استعمال کیا جا سکے، ہر وقت اس کی خدمات حاضر ہوں اور اُمت، ملک اور قوم کے مقابلے میں اس کی اپنی قیمت کچھ نہ ہو۔ میں نے مدت قبل سے مسٹر جناح کو خط لکھ دیا ہے - اگر مسٹر جناح نے میرے اس بیان کی قدر کی اور کشادہ دلی سے خاکساروں کو گلے لگا لیا تو خاکسار نہ صرف پاکستان کو انگریز سے بزور حاصل کرنے کی سعی میں چار چاند لگا دیں گے، بلکہ ہندوستان کی مکمل آزادی کا مسئلہ بھی ہندوؤں اور دوسری قوموں سے طے کرانے میں کامیاب ہوں گے۔"

اس پیشکش اور خط کا کچھ بھی جواب مسٹر جناح کی طرف سے نہ ملا۔ علامہ صاحب نے پھر ایک تار یاد دہانی کا دیتے ہوئے لکھا:-

پیارے جناح!

میری پیشکش میں کسی قسم کی بددیانتی ایا سیاست یا تمہیں مشکلات

میں پھنسانا یا تمہاری شہرت کو برباد کرنا یا قوم کو تم سے بدظن کرنا ہرگز ہرگز نہیں۔ بلکہ نزاکت حالات کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمانوں کی طرف سے مطالبۂ پاکستان کو مضبوط کر کے انگریزوں کو بتادیا جائے کہ مسلمان قوم اتنی بے غیرت نہیں۔ کہ انگریز جب چاہے، اسے چوہڑوں چماروں کی طرح استعمال کرے۔"

۲۲ ستمبر کو ایک اخباری بیان میں خاکسار اعظم نے پھر انہی الفاظ کو دہراتے ہوئے کہا ہے

"میں نے ۹ ستمبر کو مسٹر جناح کو لکھا تھا کہ اگر وہ مجھے اپنی تحریر سے قائل کر دے کہ وہ پاکستان کو ہندوستان کی آزادی کا ایک حصہ یقین کرتے ہوئے حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس آزادی کو حاصل کرنے کیلئے اور انگریزوں کے ہاتھ سے ہندوستان کو چھڑانے کے لئے مسٹر گاندھی کے ساتھ مل کر کام کرنے کو تیار ہے (کیونکہ ہندو مسلم اتحاد کے بغیر ہندوستان کی آزادی کا ملنا قطعاً ناممکن ہے) تو میں اعلان کرتا ہوں کہ میں خاکسار تحریک کی تمام وکمال طاقت مسٹر جناح کی امداد و اعانت کیلئے اس کے حوالے کر دوں گا۔"

غرضیکہ اس طرح کے درجنوں خطوط لکھے گئے لیکن ہمارے "انگلش میڈ" قائد اعظم صاحب کی "بلند اخلاقی" کا یہ عالم ہے کہ وہ سکھوں، اور اچھوتوں تک کو تو خط لکھ کر ملاقات کی خواہش کا اظہار کرتے ہیں، لیکن ایک مقتدر مسلمان (جو ہر لحاظ سے اُن سے بلند درجہ رکھتا ہے) کے خطوں تک کا جواب نہیں دیا جاتا۔ اب مسلمان خود سوچیں کہ ملی افتراق و انتشار کا باعث کون ہے؟ — خلفائے راشدین اور مسلمان حکمرانوں کا تو یہ حال کہ ایک ادنیٰ

سے ادنیٰ حیثیت کا آدمی بھی ہر وقت اُن سے مل کر اپنا ماجرا بیان کر سکے لیکن اس تعلّی شہنشاہِ پاکستان کی یہ فرعونی اکڑ کہ لاکھوں مسلمانوں کے ایک محبوب رہنما کے خط کا جواب تک اس سے نہ دیا جا سکے۔ حیف صد حیف!

آزاد مسلم لیگ اور پاکستانی فوج کا قیام

اب جبکہ یہ حقیقت تمام دنیا پر واضح ہو چکی ہے کہ جناح لیگ کا مقصد محض تفرق اور صرف عہدے اور کرسیاں ہیں اور "پاکستان" کا نام محض مسلمانوں کے جذبات کو ابھارنے اور ووٹ حاصل کرنے کیلئے ہی تھا۔ تجربہ ہے کہ طاقت اور تنظیم کے بغیر "پاکستان" کا ملنا ناممکن ہے۔ خاکسار تحریک نے تمام مسلمان جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی قومی ہستی کو برقرار رکھنے کے لئے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر ایک "آزاد مسلم لیگ" قائم کریں جس کا منشا و مدعا ہر طریقہ سے "پاکستان" کا حصول ہو، خواہ اس میں ملت اسلامیہ کو کتنی ہی قربانی کیوں نہ کرنی پڑے۔ یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ اسلام میں مذہب اور سیاست ایک شے ہیں۔ خاکسار تحریک کی بھی اور آخری منزل روزِ اول سے اسلام کا اجتماعی اور سیاسی غلبہ ہے، اس کا نام خواہ "پاکستان" ہو یا خلافستان یا روئے زمین کی بادشاہت۔ ہم ہندوستان کی ہر قوم کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ ہم "آزاد پاکستان" کے حصول کیلئے ہر ممکن قربانی دینے کو تیار ہیں — "پاکستان" یا "آزادی" کبھی بھی مانگے سے نہ ملیگی بلکہ قوت اور تنظیم سے حاصل ہو گی۔ اسی مقصد کے لئے علامہ صاحب نے دو کروڑ پاکستانی فوج کی بھرتی کا بھی اعلان کر دیا ہے۔

مسلمانوں کے لئے اب صرف ایک ہی طریق عمل باقی ہے اور وہ یہ کہ اگر

وہ "پاکستان" چاہتے ہیں تو پاکستانی فوج میں شامل ہو کر قوت و تنظیم پیدا کریں اور "پاکستان" بزور حاصل کرنے کے اہل بن جائیں۔ "پاکستانی فوج" کا مقدمۃ الجیش (ہراول) خاکسار مجاہد ہوں گے، جن کی تنظیمی استعداد، قربانی، بے خوفی، بے غرضی اور فی سبیل اللہ سعی و عمل کا اعتراف دوست دشمن سب کو ہے۔

مسلمانو! آؤ اور اس بہادر فوج کے سپاہی بن جاؤ۔ آؤ! اخوت و کردار کے مجسمے بن جاؤ — آؤ! بنیان مرصوص کی طرح دشمن کے مقابل پر ڈٹ جاؤ! — آؤ! اور قوم کو جلسوں، جلوسوں، پھولوں کے ہاروں، ریزولیوشنوں، ذہنی عیاشیوں، سرمایہ داروں اور فرعون سیرت لیڈروں کے چنگل سے چھڑا کر قرون اولیٰ کے مجاہد سپاہی بنا دیں — آؤ! بے ایمان سیاست کی بجائے خدمت خلق اور نیکی کا سبق سیکھیں! — آؤ! انگریز اور ہندو سے مانگنے کی بجائے خدائے ذوالجلال والاکرام کے آگے جھک جائیں! — آؤ! مغرب زدہ اور انگریز پرست بننے کی بجائے فاروقی شان اور حیدری آن پیدا کریں! — آؤ! پھر خاکسار مجاہدوں کے ساتھ مل کر خالدؓ اور طارق کی یاد تازہ کریں — آؤ! قوم کو کمزور اور بزدل بنانے کی بجائے مجاہد، جانباز اور غازی بنا دیں — اٹھو اٹھو اور "پاکستانی فوج" میں جوق در جوق بھرتی ہو جاؤ! — بڑھو بڑھو! کہ دشمنانِ ملک و ملت کو پیچھے ہٹا کر دم لیں — چلو چلو کہ میدان جہاد میں نعرہ ہائے تکبیر سے ہنگامہ پیدا کر دیں — سنو سنو! کہ بگل کی آواز پھر سے تمہیں سپاہی بن کر غالب ہو جانے کی یاد دلا رہی ہے — آؤ! کہ خاکسار "آئین" کے بہار آفرین چارٹر کو دنیا میں پھیلا کر دم لیں! — آؤ! کہ "دین اللہ افواجا" کی عملی تفسیر زمانے کو دکھا دیں — آؤ کہ اسوۂ رسولؐ

اور اخلاقِ نبوی کی تقلید میں لگ جائیں ـــــــــــــــ
آؤ! کہ راہ و رسمِ حسینی کی یاد پھر سے تازہ کر دیں! ـــــــــــ
آؤ! کہ حق کا بول بالا ہو کر رہے ـــــ آؤ کہ پھر مسلمانوں، اللہ کا سپاہی اور دینِ قیم کا سچا پیرو کار بنا دیں ـــــ آؤ! پھر وہ شان دکھائیں کہ مخالف خود بخود کھسیانا ہو کر رہ جائے ـــــ آؤ! کہ تمہارے مارچ کو دیکھ کر دشمنوں کے دل کانپ کانپ اٹھیں ـــــ آؤ اور ایسی تنظیم پیدا کرو کہ تمہارے اس طوفان کے آگے مخالف طاقتیں خس و خاشاک کی طرح بہہ جائیں۔
تمام مسلمان بھائیوں سے "خاکسار تحریک" اور "پاکستانی فوج" میں شمولیت کی اپیل کرتے ہوئے اپنے خاک نشین امیرِ محترم کے ان الفاظ کے ساتھ میں مضمون کو ختم کرتا ہوں:-
"خاکسار سپاہیوں اور عام مسلمانوں کو میں کہتا ہوں کہ ذلت و مسکنت کے ان دو سو سالوں کے بعد خوش ہو جاؤ کہ خدا تم سے خوش ہو جانے پر پھر تیار ہے، دو سو برس تک تم چارپائیوں پر گھروں میں ایڑیاں رگڑ رگڑ کر حزن و مفلسی کی موت مرتے چلے آئے ہو! آؤ! اور دیکھو کہ میدانِ جہاد میں مرنا کیا معنی رکھتا ہے؟"
"آؤ! اسلام کے سچے سپاہی بن جاؤ اور پھر دیکھو کہ مسلمانوں کی بگڑی کیونکر نہیں بنتی ہے؟"
خداوندکریم کی نصرتیں تمہارے شاملِ حال ہوں"

ناچیز:- اللہ دتا جانباز

ہندوستان بھر میں بہترین اور خوبصورت ترین خاکسار لٹریچر چھاپنے والے

"ادارۂ اخوت و مساوات" پشاور صدر

کی

خاکسار مطبوعات

قیمت

۱۔ "خاکسار اعظم" (قائد تحریک کی مکمل و دلچسپ سوانح حیات) از حکیم علی احمد سعید سلیمی صاحب ۲/

۲۔ "داستان جہاد" ہندوستان کی آزادی کیلئے خاکساروں کی جدوجہد ۱/

۳۔ "پاکستان اور خاکسار" مسئلہ پاکستان پر خاکسار نقطۂ نظر سے بہترین کتاب از مختار احمد ۱/۶

۴۔ "اسلامی ہندوستان میں فتنۂ عظیم" از سید میر حضرت شاہ صاحب وکیل ۱/

۵۔ "آیات جہاد" ۲۲ مجاہدانہ خاکساری نظموں کا خوبصورت مرقع از محمد بشیر احمد ۲/

۶۔ "پیغام عید الضحیٰ" از محمد بشیر احمد

۷۔ "کتاب عید الفطر" ۳/

۸۔ "مسلم لیگ اور خاکسار" از سید ناصر بخاری ۱/

۹۔ "خاکسار اعظم کا انقلاب" مرکزی کیمپ کی مکمل روئیداد اور ملفوظات ۲/

۱۰۔ "تخریب کا منفرد (انتقام)" ۲/ "خاکساریت اور ہندو جاتی" ۱/ "خاکسار تحریک دربار" (۲/)

"خاکسار دیواری رنگین چارٹ ۲۰×۳۰ سائز مختلف قسم" فی ۳/

خاکسار رائٹنگ پیڈ (خط لکھنے کیلئے) ۱/ ۔ خاکسار لفافہ جات ڈیڑھ روپیہ فی سو

خاکسار پوسٹ کارڈ — خاکسار کیلنڈر — خاکسار عید کارڈ و تصویریں

خاکسار تحریک، آزاد مسلم لیگ اور پاکستانی فوج کے بیجز (سینے پر لگانے کے نشان)

خاکسار شولڈر نشان — ادارہ علیہ اور پاک جانباز سرحد کی منظور شدہ قیمتوں پر حاصل کریں

طلب فرمادیں

نوٹ: اکٹھا منگوانے والوں اور خاکسار دفتروں کو ۲۵ فی صدی رعایت دی جائیگی۔

Kesar Kiari Press, Peshawar.

[i] *Allama Mashriqi Narrowly Escapes the Gallows: Court Proceedings of an Unpardonable Crime Against the Man Who Led the Freedom of the Indian Subcontinent*. Author: Nasim Yousaf

[ii] Under British Rule, most of South India was integrated into a region called the Madras Presidency. In 1956, the Madras Presidency was disbanded and Tamil Nadu was established.

[iii] *Al-Islah* April 16, 1937, p.1

[iv] *The Pakistan Times*, Lahore, May 07, 1962